روزنامہ
تعمیرِ وطن
کوئٹہ
★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 315 بروز بدھ 12 اگست 2026ء 26 صفر 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 8)   کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

خاران، نامعلوم شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) خاران کے علاقے سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد ہوئی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز خاران میں سی پیک روڈ سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

بلوچستان پولیس کے 2 اے آئی جی کے تبادلے کر دیئے گئے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان پولیس کے 2 اے آئی جی کے تبادلے کر دیئے گئے سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق تعیناتی کے منتظر امتیاز احمد خان کو اے آئی جی پولیس ٹریننگ سی پی او کوئٹہ اور تعیناتی کے منتظر جاوید احمد خان کو ایس ایس پی موٹر ٹرانسپورٹ بلوچستان کوئٹہ تعینات کر دیا گیا۔

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت گوادر کے وفد کی ملاقات

گوادر (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت گوادر کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں مفتی عبدالغنی، مفتی عبداللطیف، مفتی یاسین، مفتی تیمور سمیت دیگر علمائے کرام شامل (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

سوئی ماسٹر پلان کے تحت جاری تمام منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت سوئی ماسٹر پلان پر پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منگل کو یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ، چیف آف کلچر (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

معزز عدالت کے احکامات پر عملدرآمد کیلئے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) معزز بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی، ضلعی پولیس، ٹریفک پولیس اور میونسپل کارپوریشن کوئٹہ کے عملے نے جوائنٹ روڈ اور امداد چوک پر تجاوزات کے خلاف مشترکہ کارروائی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پاکستان کی فتح مبین کے سفر کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی ترکی، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دفاعی تعاون کسی جارحیت کے لیے نہیں بلکہ اپنے دفاع کے لیے ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان کا کوئٹہ میں بیان المرصوص کے عنوان سے عالمی سطح کی خطاطی نمائش کے انعقاد کا اعلان

آئندہ سال 9 اور 10 مئی کو بیان المرصوص اور معرکہ حق کے عنوان سے بڑے پیمانے پر تقریبات منعقد کی جائیں گی، جن میں خطاطی کو بھی نمایاں مقام حاصل ہوگا، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آئندہ سال مئی میں کوئٹہ میں بیان المرصوص کے عنوان سے عالمی سطح کی خطاطی نمائش کے انعقاد کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نمائش میں اسلامی دنیا، ترکی اور دیگر ممالک کے معروف خطاط اور فنکار شرکت کریں گے، جبکہ حکومت بلوچستان اس عالمی ایونٹ کو اسپانسر کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو یہاں رسول رحمت ﷺ خطاطی نمائش کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 14 اگست اور اگست کے مہینے میں اس نوعیت کی تقریب کا انعقاد بذات خود پورے پاکستان کے لیے ایک پیغام ہے کہ بلوچستان میں عالمی معیار کے ایسے پروگرام منعقد کرنے کی صلاحیت اور عزم موجود ہے انہوں نے کہا کہ وہ خطاط واصل (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ہر شہری کو بلاامتیاز مذہب، ذات اور عقیدے مساوی حقوق حاصل ہیں، قائداعظم کا ویژن ریاست کی رہنمائی کا سرچشمہ ہے، تقریب سے مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب

پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے تمام شہریوں کا باہمی احترام، مذہبی رواداری اور قومی یکجہتی کے جذبے کے ساتھ متحد ہونا ناگزیر ہے، صدر مملکت آصف علی زرداری

اقلیتی برادریوں کا قومی ترقی میں کردار قابل فخر ہے

صدر زرداری
وزیراعظم

مذہبی، ثقافتی اور روایتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی پرچم تلے متحد ہونا ہماری اصل قوت ہے اقلیتی برادریوں نے ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر تمام پاکستانیوں، بالخصوص ملک کی اقلیتی برادریوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے تمام شہریوں کا باہمی احترام، مذہبی رواداری اور قومی یکجہتی کے جذبے کے ساتھ متحد ہونا ناگزیر ہے۔ صدر مملکت نے اپنے پیغام میں کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کا وژن آج بھی ہماری ریاست کی روح اور اساس کے حوالے سے رہنمائی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی معروف خطاط واصل شاہد کے فن پارے دیکھ رہے ہیں صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ بھی ہمراہ ہیں

امریکا نے ایران سے مذاکرات شروع کرنے کیلئے بھیک مانگی، عباس عراقچی کا بڑا دعویٰ

ایران نے جنگ کے دوران دنیا کے سامنے خود کو ایک "سخت اور ناقابل شکست طاقت" کے طور پر ثابت کیا

تہران (آن لائن) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ کے آغاز کے تقریباً 20 روز بعد مذاکرات کی بھیک مانگی حالانکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ کے ابتدائی دنوں میں ایران سے "غیر مشروط ہتھیار ڈالنے" کا مطالبہ کیا تھا۔ ایرانی سرکاری ٹی وی پر نشر ہونے والی ایک پریس کانفرنس میں عباس عر (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

محسن نقوی ایران پہنچ گئے، آبنائے ہرمز کی صورتحال پر اہم بات چیت متوقع

اسلام آباد، تہران (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی ایران کے دورے پر تہران پہنچ گئے، ایرانی میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ وہ ایران میں اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کریں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محسن نقوی کی ملا (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

آذربائیجان کے سبکدوش سفیر کی وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات

پاکستان و آذربائیجان کی دفاع و ہوابازی کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) آذربائیجان کے سبکدوش ہونے والے سفیر خضر فرہادوف نے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے اسلام آباد میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور آذربائیجان کے باہمی تعلقات سمیت دفاع اور ہوابازی کے شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل امریکہ کے سرکاری دورے پر نیویارک پہنچ گئے

نیویارک (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل امریکہ کے سرکاری دورے پر بحفاظت نیویارک پہنچ چکے ہیں۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار، نیویارک میں پاکستانی قونصل جنرل عامر اتوزئی، امریکی بزنس مین تنویر احمد اور میکسم کے چیف ایگزی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پاکستانی قوم اپنے اسلاف کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، صادق عمرانی

زندہ قومیں اپنے آباؤ اجداد اور اسلاف کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں، خطاب

پاکستان کے قیام اور غلامی کی زنجیروں سے نجات کیلئے ہمارے بزرگوں نے بے مثال قربانیاں دیں

نصیر آباد (خ ن) صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ زندہ قومیں اپنے آباؤ اجداد اور اسلاف کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں، پاکستان کے قیام اور غلامی کی زنجیروں سے نجات کے لیے ہمارے بزرگوں نے بے مثال قربانیاں دیں جو ہماری قومی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ پاکستان کی 79 ویں سالگرہ کے موقع پر نصیر آباد (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی معروف خطاط واصل شاہد اور [illegible] کی جانب سے منعقدہ "رسول رحمت" خطاطی نمائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردی کے خلاف جدوجہد صرف میدان میں نہیں بلکہ فکری اور ابلاغی محاذ پر بھی جاری ہے، سابق وزیراعظم و سینیٹر انوار الحق کاکڑ

بلوچستان کے مسائل کا حل علیحدگی پسندی یا تشدد نہیں آئینی و سیاسی ذرائع میں ہے، انوار الحق کاکڑ

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں دلیل، علم اور ابلاغ کی طاقت بھی بروئے کار لائی جائے، طلبہ و طالبات سے خصوصی نشست سے خطاب

نوجوانوں کو انتہاپسند اور ریاست مخالف بیانیوں کا علمی و فکری جواب دینے کیلئے تیار کرنا ہوگا، تاریخ، آئین، قومی سلامتی اور معاشرتی مسائل کا گہرا مطالعہ کریں

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا حل علیحدگی پسندی یا تشدد میں نہیں بلکہ آئینی، سیاسی، انتظامی اور ترقیاتی ذرائع کے مؤثر استعمال میں ہے۔ نوجوانوں کو انتہاپسند اور ریاست مخالف بیانیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ذہنی، علمی اور فکری طور پر تیار کرنا ہوگا، جبکہ دہشتگردی کے خلاف جدوجہد میں زبان، دلیل، علم، ابلاغ اور ذہنی صلاحیتوں کو بھی مؤثر ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا ہوگا۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کے تحت 21 مختلف اسٹیشنز سے شریک 6,150 سے زائد طلبہ و طالبات کے ساتھ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے امور پر جائزہ اجلاس ہو رہا ہے

تشدد پی ٹی آئی کا نظریہ ہے، انہوں نے ہمیشہ تشدد کی سیاست کی ہے، وفاقی وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

پی ٹی آئی کا مقصد انتشار پھیلانا اور ملک کا امن و امان تباہ کرنا ہے، عطا اللہ تارڑ

مال روڈ واقعہ نے سب کی آنکھیں کھول دی ہیں، مسلح پی ٹی آئی کارکن نے سیکیورٹی اہلکار پر بلا جواز فائرنگ کی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا مقصد انتشار پھیلانا اور ملک کا امن و امان تباہ کرنا ہے۔ مال روڈ واقعے نے سب کی آنکھیں کھول دی ہیں۔ مسلح پی ٹی آئی کارکن نے سیکیورٹی اہلکار پر فائرنگ کی۔ تشدد کی سیاست پی ٹی آئی (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

گوادر، ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان سے ملاقات کر رہے ہیں

آئی ایس پی آر اور ڈی ایچ اے کے تعاون سے شجرکاری مہم 2026 کا آغاز

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگانا ہوں گے: شرکاء

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کو درپیش موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز اور ماحولیاتی تحفظ کی ضرورت کے پیش نظر آئی ایس پی آر اور ڈی ایچ اے انتظامیہ کے تعاون سے شجرکاری مہم 2026 کا آغاز کر دیا گیا۔ مہم میں نوجوانوں، خواتین اور شہریوں سمیت مختلف اسکولوں کے طلبہ اور (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا امکان، پیٹرول 1.67 روپے فی لیٹر تک سستا ہونے کی توقع

اسلام آباد (آن لائن) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے روزانہ کی بنیاد پر تعین کے معاملے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، 12 اگست تک پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

اسلام نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، مذہبی آزادی اور انسانی وقار کا واضح تصور دیا، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) ملک میں اتحاد، بھائی چارے اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ پر یقین رکھتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ملک میں اتحاد، بھائی چارے اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ پر یقین رکھتی ہے۔ پاکستان کی ترقی اور استحکام کے لیے ضروری (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

نوجوانوں کی ترقی میں ہی قوم کی پائیدار ترقی اور تابناک مستقبل کی منزل پنہاں ہے: پاکستان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر ملک کے تمام باصلاحیت (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

غزہ امن منصوبے سے انکار کے بعد بھی نیتن یاہو سے تعلقات بہت اچھے ہیں، ٹرمپ

امن منصوبے کے تحت اسرائیل کو حماس کی غیر مسلح ہونے کے عمل کے ساتھ ساتھ اپنی افواج غزہ سے واپس بلانی تھیں

واشنگٹن (آن لائن) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے غزہ سے متعلق ٹرمپ کے حمایت یافتہ امن منصوبے کو مسترد کر دیا، اس کے باوجود امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

صدر زرداری نے مالیاتی اداروں اور ایف بی آر سے متعلق تین ترمیمی بلوں کی منظوری دے دی

صدر مملکت کی پانچ سمریوں اور بلوں کی منظوری، سید علی محمود کیلئے سول ایوارڈ اور مکہ مکرمہ کنونشن کی توثیق بھی شامل

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پانچ سمریوں اور بلوں کی منظوری دے دی، جن میں مالیاتی، تجارتی اور محصولات سے متعلق اہم قانون سازی بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

سریاب، نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ شب سریا (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

اسلامی ممالک کو اپنی دفاعی، نظریاتی اور جغرافیائی حدود کی حفاظت کے لیے آپس میں باہمی محبت، یکجہتی اور اتحاد کو بڑھانا چاہیے

مکہ دفاعی معاہدہ تاریخ ساز، اسلامی دنیا کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا چاہیے، وزیر دفاع

آنے والے مہینوں اور سالوں میں یہ معاہدہ پوری اسلامی دنیا کو یہ راستہ دکھائے گا، دوسرے بھی شامل ہو سکتے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے دفاعی معاہدے کو تاریخ ساز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسلامی دنیا میں اس نوعیت کا پہلے کوئی اقدام نہیں کیا گیا، تین بڑے اسلامی ممالک نے مل کر ایک خالصتاً دفاعی معاہدہ کیا ہے، جس کے تحت ان تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر بھی کسی جانب سے جارحیت کی صورت میں تینوں ممالک مل کر اس کا مقابلہ کریں گے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

پیپلز پارٹی اقلیتی برادریوں کے آئینی حقوق، مذہبی آزادی اور مساوی شہریت کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے: چیئرمین پیپلز پارٹی

پاکستان ہر شہری کا برابر کا وطن ہے، اقلیتوں کا مستقبل پاکستان کے مستقبل سے جدا نہیں

قومی طاقت تمام شہریوں کے وقار، مساوات، آزادی اور مساوی شہریت میں مضمر ہے، اقلیتی برادریوں کی قربانیاں اور خدمات قومی تاریخ کا حصہ ہیں

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان ہر شہری کا برابر کا وطن ہے، خواہ اس کا تعلق کسی بھی مذہب سے ہو۔ انہوں نے کہا کہ قوم کی حقیقی طاقت اس کے تمام شہریوں کے وقار، مساوات، آزادی اور مساوی شہریت میں مضمر ہے، جبکہ اقلیتی برادریوں کی قربانیاں، خدمات اور قومی تعمیر میں ان کا کردار پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر کا بابا بزنجو فٹبال اسٹیڈیم کا دورہ

معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان نے بابا بزنجو فٹبال اسٹیڈیم کا دورہ کیا اور گراؤنڈ، پویلین، سیٹنگ ایریا سمیت کھلاڑیوں اور شائقین کھیل کے لیے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد اور ڈی ایف اے گوادر کے صدر میر ارشد بگٹی بھی موجود تھے ڈی ایف اے صدر نے اسٹیڈیم کی تزئین و آرائش، سیٹنگ ایریا اور دیگر سہولیات میں بہتری کے حوالے سے تجاویز پیش کیں۔ ڈی جی جی ڈی اے نے متعلقہ حکام کو کھیلوں کی سہولیات مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کی ہد (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

امریکا ایران کشیدگی کے حل کے لیے دنیا کی نظریں پاکستان، قطر اور عمان پر مرکوز ہیں، امریکی تھنک ٹینک

واشنگٹن (آن لائن) امریکی تھنک ٹینک سٹمسن سنٹر نے کہا ہے کہ امریکا ایران کشیدگی کے حل کے لیے دنیا کی نظریں پاکستا (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

سرپلس چینی کی فوری برآمد کی اجازت دی جائے، شوگر ملز ایسوسی ایشن کا حکومت کو تیسرا خط

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن نے ملک میں موجود (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

ہارون اختر کو وزیراعظم کے مشیر کے طور پر وفاقی وزیر کا درجہ دیدیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت نے ہارون اختر خان کو وزیراعظم کا مشیر مقرر کر دیا۔ کابینہ ڈویژن نوٹیفکیشن کے مطابق ہارون اختر کو وفاقی وزیر کا درجہ حاصل ہوگا، ہارون (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان تعمیری مکالمہ ضروری ہے، خرم شہزاد

چیئرمین زیاد بشیر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر جاوید قریشی کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد سے ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے نجکاری، سرکاری اداروں کی تنظیم نو، رائٹ سائزنگ اور ٹیکس پالیسی سمیت اہم معاشی امور پر کاروباری برادری سے مشاورت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد کا کہنا ہے کہ حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان تعمیری مکالمہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے، کاروباری ماحول بہتر بنانے اور عملی و پائیدار اصلاحات وضع کرنے کے لیے ضروری ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان بزنس کونسل (پی بی سی) کے چیئرمین زیاد بشیر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر جاوید قریشی کی قیادت میں (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

باب المندب میں تجارتی جہاز پر حوثی حملہ، 2 پاکستانی، ایک انڈونیشی شہری جاں بحق

حملے کا نشانہ بننے والے تجارتی جہاز کی شناخت فوری طور پر سامنے نہیں آ سکی، ترک میڈیا

صنعا (آن لائن) یمن کے حوثی گروپ کی جانب سے باب المندب آبنائے میں ایک تجارتی جہاز پر حملے کے نتیجے میں عملے کے تین ارکان ہلاک ہو گئے ہیں جن میں دو پاکستانی شہری بھی شامل ہیں۔ ترکیہ کی خبر رساں ایجنسی اناطولو نے یمن کے حکومت نواز نشریاتی ادارے الجمہوریہ ٹی وی کے حوالے سے بتایا ہے کہ حملے میں ابتدائی اطلاعات کے مطابق دو پاکستانی اور ایک انڈونیشی شہری جاں بحق ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق حملے کا نشانہ بننے والے تجارتی جہاز کی شناخت فوری طور پر سامنے نہیں آ سکی۔ اسی طرح جہاز کے مالک یا اس پر موجود دیگر عملے کے بارے میں بھی تاحال تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ یمنی حکومت سے وابستہ نشریاتی ادارے کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

حب میں یوم آزادی پر سیکیورٹی ہائی الرٹ، 11 سے 15 اگست تک خصوصی سرچ آپریشن اور اسنیپ چیکنگ کا فیصلہ

حب (آن لائن) ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی 14 اگست کی تقریبات، امن و امان اور انسداد منشیات و اسمگلنگ روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے دفاعی پیداوار محمد رضا حیات ہرج ملاقات کر رہے ہیں

جشن آزادی کی آمد آمد، پاکستان بھر میں قومی جوش و جذبہ عروج پر

شہریوں نے سبز ہلالی پرچم لہرا کر آزادی کی خوشیاں منانے کی تیاریاں شروع کر دیں

جبکہ شہری وطن سے اپنی محبت اور عقیدت کا والہانہ اظہار کرتے دکھائی دے رہے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) یوم آزادی کی آمد کے ساتھ ہی ملک بھر میں جشن آزادی کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور شہریوں کا جوش و خروش دیدنی ہے۔ بازاروں، شاہراہوں، گھروں اور مختلف مقامات پر سبز ہلالی پرچموں اور قومی پرچم سے مزین اشیاء کی بہار ہے، جبکہ شہری وطن سے اپنی محبت اور عقیدت کا والہانہ اظہار کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ یوم آزادی کی (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

وزیراعظم کا ملک بھر کے کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز کے تین سالہ تھرڈ پارٹی آڈٹ کا حکم

شہباز شریف کی زیرصدارت فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے امور سے متعلق جائزہ اجلاس

کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز، ان لینڈ ریونیو انفورسمنٹ اور محصولات کے نظام سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر میں کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز کے نظام میں شفافیت اور مؤثر نگرانی یقینی بنانے کے لیے تمام بانڈڈ ویئر ہاؤسز کا گزشتہ تین سال کا آزادانہ تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کی ہدایت کر دی ہے۔ وزیراعظم کی زیرصدارت فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے امور سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا، جس میں کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز، ان لینڈ ریونیو انفورسمنٹ اور محصو (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

صدر زرداری کی مختلف ہائی کورٹس میں ججز کی تقرری، متعدد ایڈیشنل ججز کی مستقلی کی منظوری

ہارون اختر وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار مقرر، صدر مملکت آصف علی زرداری نے منظوری دے دی

سپریم کورٹ ججز کی تنخواہیں، الاؤنسز اور پنشن وفاقی آئینی عدالت کے ججز کے مساوی کرنے کی بھی منظوری

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مختلف ہائی کورٹس میں ایڈیشنل ججز کی تقرری، سندھ اور لاہور ہائی کورٹس کے بعض ایڈیشنل ججز کی بطور مستقل ججز توثیق سمیت اہم عدالتی و انتظامی امور کی منظوری دے دی۔ صدر نے لاہور ہائی کورٹ، سندھ ہائی کورٹ، پشاور ہائی کورٹ، اسلام آباد ہائی کورٹ اور بلوچستان ہائی کورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تقرری کی منظوری دی۔ اس کے علاوہ سندھ ہا (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

عوام کی خوشحالی

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے جتک ہاؤس، آصف آباد میں حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے دوست احباب، عمائدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، حلقہ انتخاب کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوام کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر شرکا نے اپنے علاقوں سے متعلق مسائل اور عوامی ضروریات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔ حاجی علی مدد جتک نے ملاقات کے دوران عوامی مسائل اور تجاویز کو توجہ سے سنا اور یقین دلایا کہ عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا بروقت حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام سے مسلسل رابطہ رکھا جا رہا ہے تاکہ ان کے مسائل براہ راست معلوم کر کے متعلقہ اداروں کے ذریعے ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کے مسائل کو ایوان اور متعلقہ حکام تک پہنچانا اور ان کے حل کے لیے عملی کردار ادا کرنا ہے۔ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور شہری مسائل کے ازالے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ حلقہ انتخاب کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے گا جبکہ عوامی ضروریات اور ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے ترقیاتی منصوبوں پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر ملاقات کے لیے آنے والے افراد نے حاجی علی مدد جتک کی جانب سے عوام سے مسلسل رابطے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا اور مختلف امور پر اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں حلقہ انتخاب کی ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور باہمی تعاون کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 01

شاہد سے آئندہ سال مئی میں عالمی سطح کی خطاطی کی ایک بڑی نمائش منعقد کرنے کی درخواست کر چکے ہیں جس کے لیے حکومت بلوچستان بھرپور تعاون کرے گی اور سرینا ہوٹلز کو ہی میزبانی کے لیے منتخب کیا جائے گا کیونکہ اس سلسلے میں پہلا قدم سرینا نے اٹھایا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عالمی خطاطی نمائش میں اسلامی دنیا، ترکی اور دیگر ممالک کے نامور فنکاروں کو مدعو کیا جائے گا تاکہ کوئٹہ سے دنیا بھر کو یہ پیغام دیا جا سکے کہ کوئٹہ کے لوگ فنون لطیفہ سے محبت کرنے والے اور امن پسند ہیں اور انہیں بالخصوص اسلامی خطاطی سے گہری وابستگی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عالمی خطاطی نمائش کے انعقاد کے لیے ابھی سے انتظامات شروع کیے جائیں اور اسے دو یا تین روزہ بڑے عالمی ایونٹ کی شکل دی جائے تاکہ دنیا بھر سے فنکار کوئٹہ آ کر اپنے فن کا مظاہرہ کر سکیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آئندہ سال مئی میں منعقد ہونے والی اس نمائش کا موضوع بنیان المرصوص ہوگا اور اسے 9 اور 10 مئی کو منعقد کیا جائے گا، کیونکہ یہ وہ دن ہیں جب پاکستان نے ایک بڑی کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال بھی بلوچستان میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا تھا، جبکہ اس سال معرکہ حق کی تقریبات میں خطاطی کو بھی شامل کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی عالمی سطح پر عزت اور وقار میں اضافہ ہو رہا ہے اور حالیہ دنوں میں اسلامی دنیا، ترکی، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دفاعی تعاون بھی اسی بدلتی ہوئی صورتحال کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ تعاون کسی جارحیت کے لیے نہیں بلکہ اپنے دفاع کے لیے ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں تشدد کے ذریعے اپنے مقاصد حاصل کرنے کی کوشش کرنے والا ایک محدود طبقہ بلوچ عوام کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیل رہا ہے، جس کا نقصان کسی اور کو نہیں بلکہ خود بلوچ عوام کو ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پل اور انفراسٹرکچر تباہ کرنے سے بلوچ عوام ہی متاثر ہوں گے، جبکہ تجارت روکنے اور تاجروں کے ٹرکوں کو نقصان پہنچانے سے بھی عام لوگوں کا روزگار متاثر ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی فتح مبین کے سفر کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی اور قوم نے جس جذبے اور اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل فخر ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، صدر آصف علی زرداری اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی عالمی حیثیت میں بہتری کے مثبت اثرات بیرون ملک مقیم پاکستانیوں میں بھی نمایاں طور پر محسوس کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے خطاط واصل شاہد اور سرینا ہوٹلز کی انتظامیہ کا تقریب کے انعقاد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ بلوچستان کے لیے ایک قابل فخر دن ہے اور آئندہ سال 9 اور 10 مئی کو بنیان المرصوص اور معرکہ حق کے عنوان سے بڑے پیمانے پر تقریبات منعقد کی جائیں گی، جن میں خطاطی کو بھی نمایاں مقام حاصل ہوگا وزیراعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو عالمی برادری میں مزید عزت و وقار عطا فرمائے اور ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھے۔

بقیہ 02

ی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم 70 سے زائد تجاوزات کو ختم کر دیا گیا جبکہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف چالان کیے گئے اور متعدد افراد کو آئندہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے واضح کیا ہے کہ عوام کے لیے سڑکوں اور راستوں کی روانی یقینی بنانے، تمام غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے اور معزز عدالت کے احکامات پر عملدرآمد کے لیے کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 03

وڈیرہ جلال خان کلپر اور دیگر اسٹیک ہولڈرز و متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ ویڈیو لنک کے ذریعے رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے بورڈ حکام، کمشنر سبی ڈویژن، ڈپٹی کمشنر ساتھ ڈیرہ بگٹی زوہیب الحسن، اور چیئرمین میونسپل کمیٹی سوئی عزت امان بگٹی شریک ہوئے اجلاس میں سوئی ماسٹر پلان فیز ون پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور شرکا کو منصوبے کے مختلف اجزا کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پہلے مرحلے کے تحت سوئی میں روشن سڑکوں، سیوریج سسٹم، میر غلام قادر بگٹی اسٹیڈیم، لیڈیز پارک، بس ٹرمینل، ٹرک اسٹینڈ اور دیگر بنیادی شہری سہولیات کے منصوبے مکمل کیے جائیں گے اجلاس کو بتایا گیا کہ ان منصوبوں کو حکومت بلوچستان اور پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے 50، 50 فیصد اشتراک سے قلیل مدت میں مکمل کیا جائے گا، جس سے سوئی میں شہری سہولیات اور بنیادی ڈھانچے میں نمایاں بہتری آئے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ سوئی ماسٹر پلان کے تحت جاری تمام منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر معیاری کام کی صورت میں ذمہ دار فرم اور متعلقہ افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سوئی کو ایک جدید اور مثالی ہوک سٹی بنایا جائے گا اور سوئی میں گزشتہ پچاس سال اور موجودہ حکومت کے دو سالہ دور کی ترقی کے درمیان نمایاں فرق نظر آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی کے عوام کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے میر سرفراز بگٹی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سوئی ماسٹر پلان کے منصوبوں کو محض ایک ترقیاتی اسکیم نہیں بلکہ عوامی خدمت کا [illegible] سمجھ کر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ افسران ذاتی دلچسپی اور ذمہ داری کے احساس کے ساتھ منصوبوں کی نگرانی کریں تاکہ عوام کو بروقت اور معیاری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 04

تھے ملاقات میں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ، دینی و دعوتی سرگرمیوں اور آئندہ کے پروگراموں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کو 3 ستمبر کو سربندن میں منعقد ہونے والی ختم نبوت کانفرنس میں شرکت کی دعوت بھی دی اس موقع پر وفد کی جانب سے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کو عقیدہ ختم نبوت سے متعلق خوبصورت خطاطی پر مشتمل پورٹریٹ بطور تحفہ پیش کیا گیا رکن صوبائی اسمبلی نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی دینی و دعوتی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کا بنیادی حصہ ہے اور اس کے تحفظ کے لیے علمی، دینی اور پرامن جدوجہد قابل قدر ہے۔ انہوں نے وفد کی خدمات کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 05

فراہم کرتا ہے۔ پاکستان میں ہر شہری کو بلا امتیاز مذہب، ذات اور عقیدے مساوی حقوق حاصل ہیں اور آئینی اصولوں کی پاسداری ایک مضبوط، منصفانہ اور پرامن معاشرے کی تعمیر کے لیے ناگزیر ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ مذہبی، ثقافتی اور روایتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی پرچم تلے متحد ہونا ہماری اصل قوت ہے۔ اقلیتی برادریوں نے ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، ان کی قومی خدمات، حب الوطنی اور پاکستان کی ترقی میں شراکت قابل فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں ہر شہری کے عقیدے، شناخت اور انسانی وقار کا احترام یقینی ہو۔ مذہبی رہنماؤں، تعلیمی اداروں، میڈیا، سول سوسائٹی اور ریاستی اداروں کو معاشرے میں برداشت، رواداری اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی آنے والی نسلوں کو ایسا ملک دینا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے جو امن، ترقی، استحکام، انصاف اور باہمی احترام کی بنیادوں پر قائم ہو۔ انہوں نے اقلیتی برادریوں کی قومی خدمات اور تعمیر وطن میں ان کے گراں قدر کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو انصاف، امن، بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کا گہوارہ بنائے۔ دریں اثنا وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ قیام پاکستان سے لے کر تعمیر پاکستان تک اقلیتی برادریوں نے مسلمانوں کے شانہ بشانہ ملک کی ترقی، دفاع اور قومی تعمیر میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، ان کی خدمات اور قربانیاں قومی تاریخ کا ناقابل فراموش حصہ ہیں، آئین پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے وژن کے مطابق تمام شہریوں کو مساوی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، پاکستان میں بسنے والے تمام شہری مذہب، رنگ اور نسل سے بالاتر ہو کر متحد ہو کر ملک کو ترقی، خوشحالی اور اقوام عالم میں اس کا جائز مقام دلانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ممکنہ دفاعی معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ خطے میں امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے فروغ کیلئے ہے۔ وہ گزشتہ روز وزیر اعظم آفس میں مذہبی اقلیتوں کے قومی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کر رہے تھے

بقیہ 06

میں سفارتی ذمہ داریاں انجام دینے والے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی خدمات کو سراہا اور دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں ان کے کردار کی تعریف کی۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ سفیر خضر فرہادوف کی مدت سفارت کے دوران پاکستان اور آذربائیجان کے تعلقات میں مزید بہتری آئی اور دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے ان کی کاوشیں قابل قدر ہیں۔ ملاقات میں دونوں فریقوں نے پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان بالخصوص دفاع اور ہوابازی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ فریقین نے اس امر پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان موجود دوستانہ تعلقات اور باہمی تعاون کو مستقبل میں بھی مزید مستحکم کیا جائے گا۔ وزیر دفاع نے سبکدوش ہونے والے سفیر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کے مستقبل کے لیے کامیابی اور خوشحالی کی دعا کی۔ ملاقات میں پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان موجود قریبی اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور باہمی مفاد کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا

بقیہ 07

یلو آفیسر عذیر حسن نے گورنر اور ان کے وفد کے ارکان کا ایئرپورٹ پر استقبال کیا۔ گورنر مندوخیل انٹرنیشنل یوتھ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام "یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ" میں شرکت کے سلسلے میں امریکہ کا دورہ کر رہے ہیں، جہاں وہ پاکستان اور بلوچستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کریں گے۔ دریں اثنا پاکستانی سفیر عاصم افتخار گورنر مندوخیل اور ان کے وفد کے اعزاز میں عشائیہ دیں گے۔

بقیہ 08

قاتوں میں آبنائے ہرمز سے متعلق صورتحال پر بات چیت ہوگی، اس کے علاوہ دیگر اہم معاملات بھی زیر بحث آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان، ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات میں اہم کردار ادا کر رہا۔

بقیہ 09

اپی نے کہا کہ جنگ کے آغاز پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر صرف دو الفاظ لکھے تھے، "غیر مشروط ہتھیار ڈالنا"، اور امریکا اس وقت ایران سے مکمل طور پر سرنڈر کرنے کا مطالبہ کر رہا تھا۔ ایرانی وزیر خارجہ کے مطابق صورتحال چند ہی ہفتوں میں تبدیل ہوگئی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ تقریباً 20 روز بعد امریکا نے ایران سے مذاکرات کے لیے رابطہ کیا اور بات چیت کی درخواست کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ ایران نے جنگ کے دوران امریکی دباؤ کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے اور اپنے مؤقف پر قائم رہا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے اسی پریس کانفرنس کے دوران دعویٰ کیا کہ ایران نے حالیہ جنگ کے دوران دنیا کے سامنے خود کو ایک "سخت اور ناقابل شکست طاقت" کے طور پر ثابت کیا۔ ان کے مطابق مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ اور حکام نے ان سے کہا کہ ایرانی مزاحمت نے دنیا کو حیران کر دیا، کیونکہ کسی کو توقع نہیں تھی کہ ایران امریکا کے خلاف اتنی دیر تک مزاحمت کر سکے گا۔ امریکا کو اسرائیل، مغربی ممالک اور بعض دیگر ممالک کی حمایت حاصل تھی، اس کے باوجود ایران نے جنگ کے دوران مزاحمت جاری رکھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران نے ثابت کیا کہ اس کے خلاف فوجی دباؤ کے ذریعے اپنے مطالبات منوانا آسان نہیں ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کے یہ بیانات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے خاتمے، جوہری پروگرام اور آبنائے ہرمز کی صورتحال سمیت مختلف معاملات پر شدید اختلافات برقرار ہیں۔ تہران مسلسل یہ مؤقف اختیار کرتا رہا ہے کہ کسی بھی مذاکرات میں ایران کی خودمختاری اور قومی مفادات کا احترام ضروری ہے، جبکہ امریکا ایران کے جوہری پروگرام اور علاقائی سرگرمیوں کے حوالے سے اپنے مطالبات پر زور دیتا رہا ہے۔ تاہم امریکا کی جانب سے ایرانی وزیر خارجہ کے اس دعوے پر فوری طور پر کوئی تفصیلی ردعمل سامنے نہیں آیا۔

بقیہ 10

خصوصی نشست سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے بلوچستان کی تاریخ، علیحدگی پسند بیانیے، دہشتگردی، انسانی حقوق، قومی سلامتی اور نوجوانوں کے کردار سمیت مختلف امور پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں علیحدگی پسند اور دہشتگرد تنظیموں کی سیاسی حکمت عملی کا بنیادی ذریعہ تشدد ہے، جس کا مقصد معاشرے میں خوف اور عدم استحکام پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے آئینی اور جمہوری راستوں کو مؤثر بنانا ضروری ہے

بقیہ 11

میں بھی جشن آزادی کو قومی جوش و جذبے، وقار اور شایان شان انداز میں منایا جائے گا، عمرانی ہاؤس نصیر آباد میں چراغاں اور آتش بازی کے ذریعے وطن عزیز سے والہانہ محبت اور قومی یکجہتی کا اظہار کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عمرانی ہاؤس نصیر آباد میں جشن آزادی کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر و چیئرمین مارکیٹ کمیٹی نصیر آباد میر بلال صادق عمرانی، ایس ایچ او میر حسن تھانہ محمد عمر اعوان، نائب تحصیلدار خاوند بخش منجھو، پٹواری ذوالفقار علی رند، فاروق سیال غلام حسین رند سمیت بڑی تعداد میں شہری اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان موجود تھے صوبائی وزیر نے کارکنان کو ہدایت کی کہ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف چوراہوں، مین شاہراہوں، ذیلی سڑکوں اور اہم عمارتوں کو قومی پرچموں اور سبز ہلالی پرچم کی خوبصورت آرائش سے سجایا جائے

بقیہ 12

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا یہ ایک قابل تقلید معاہدہ ہے اور آنے والے وقتوں میں اسلامی دنیا کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح اسلامی ممالک کا برسوں سے استحصال ہوا ہے، اس کے پیش نظر انہیں اپنی دفاعی، نظریاتی اور جغرافیائی حدود کی حفاظت کے لیے آپس میں باہمی محبت، یکجہتی اور اتحاد کو بڑھانا چاہیے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان ہونے والا یہ معاہدہ اسی سمت میں ایک پہلا قدم ہے اور آنے والے مہینوں اور سالوں میں یہ معاہدہ پوری اسلامی دنیا کو یہ راستہ دکھائے گا کہ ہم اپنی زمین، اپنے نظریات اور اپنے دین کے تحفظ اور ترویج کے لیے کس طرح اپنی قوتیں اور وسائل مجتمع کر سکتے ہیں۔ جب وزیر دفاع سے سوال کیا گیا کہ کیا فوری طور پر مزید ممالک بھی اس معاہدے میں شامل ہو سکتے ہیں؟ تو خواجہ آصف نے کہا کہ انہیں اس بارے میں علم نہیں ہے، تاہم اس امکان کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جب سے وہ وزیر دفاع ہیں، پاکستان نے بھارت کے خلاف جنگ بھی جیتی، سعودی عرب کے ساتھ پہلا معاہدہ ہوا اور اب یہ بڑا دفاعی معاہدہ سامنے آیا ہے، تو وہ بطور وزیر دفاع اپنے اس تاریخی سفر کو کس طرح دیکھتے ہیں، تو انہوں نے کہا کہ وہ بنیادی طور پر ایک سیاسی کارکن ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اقتدار میں انہیں وزارت دفاع کی ذمہ داری تیسری مرتبہ ملی ہے، تاہم انہیں اس بات پر بڑا ناز اور فخر ہے کہ وہ ایسے وقت میں اس ذمہ داری پر موجود تھے جب پاکستان کی افواج نے ملک کی حفاظت کی۔

بقیہ 13

ایت کی انہوں نے حالیہ جشن آزادی کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر ڈی ایف اے گوادر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ جی ڈی اے کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے لیے معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 14

اعلیٰ سطح کے وفد نے فنانس ڈویژن میں مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد سے ملاقات کی، جس میں سرمایہ کاری کے فروغ، نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے اور حکومت کے وسیع تر ساختی اصلاحاتی ایجنڈے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں جاری نجکاری پروگرام، سرکاری ملکیتی اداروں کی تنظیم نو اور تجارتی سرگرمیوں میں حکومت کے کردار کو کم کرنے سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں، بینکوں اور ایئرپورٹس کی مجوزہ نجکاری پر بھی بات چیت کی۔ اجلاس میں بڑے سرکاری اداروں کو ابتدائی عوامی پیشکش (آئی پی او) کے ذریعے کیپٹل مارکیٹس میں لانے کے امکانات بھی زیر بحث آئے، جن میں اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن بھی شامل ہے۔ پاکستان بزنس کونسل کی قیادت نے حکومت کے رائٹ سائزنگ ایجنڈے کی حمایت کرتے ہوئے مختصر، مؤثر اور واضح ترجیحات رکھنے والے سرکاری شعبے کی ضرورت پر زور دیا۔ پی بی سی نے نجکاری، سرکاری اداروں کی تنظیم نو، رائٹ سائزنگ اور نجی شعبے کی زیادہ شمولیت سے متعلق تفصیلی تجاویز حکومت کے ساتھ شیئر کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ ملاقات میں ٹیکسوں کو معقول بنانے اور درمیانی مدت کے ٹیکس پالیسی فریم ورک کی تیاری پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکا نے زور دیا کہ ایک قابل پیش گوئی، شفاف اور مسابقتی ٹیکس نظام سرمایہ کاری، کاروباری توسیع اور طویل مدتی معاشی سرگرمیوں کے لیے معاون ہونا چاہیے۔ پی بی سی کی قیادت نے وفاقی بجٹ 2026-27 میں متعارف کرائے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے ان کی حمایت کا اظہار کیا۔ پی بی سی نے بالخصوص ٹیکسوں کا بوجھ بڑھانے کے بجائے ٹیکس بیس اور معاشی سرگرمیوں کو وسعت دینے کی جانب پالیسی تبدیلی کا خیر مقدم کیا۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے پاکستان بزنس کونسل کے تعاون اور مشاورت کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مسلسل رابطہ سرمایہ کاروں کا اعتماد مضبوط بنانے، کاروباری ماحول بہتر کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے ضروری ہے۔ ملاقات میں حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان اصلاحاتی عمل کو آگے بڑھانے، سرمایہ کاری کے فروغ، مسابقت اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے مسلسل مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 15

اختر وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہوں گے۔ ہارون اختر فوری طور پر وزیراعظم کے مشیر کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ وزیراعظم کے مشیر کی حیثیت سے ہارون اختر صنعت و پیداوار کا قلمدان سنبھالیں گے۔ کابینہ ڈویژن نے ہارون اختر کی بطور وزیراعظم کے مشیر تقرری کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ 16

اضافی چینی کے ذخائر کے باعث پیدا ہونے والے مسائل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ کو تیسرا خط ارسال کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر 6 لاکھ 33 ہزار میٹرک ٹن سرپلس چینی برآمد کرنے کی اجازت دی جائے، جبکہ باقی اضافی ذخیرے کو بھی آئندہ کرشنگ سیزن کے آغاز کے ایک ماہ کے اندر برآمد کرنے کی منظوری دی جائے۔ شوگر ملز ایسوسی ایشن کے مطابق 31 جولائی 2026 تک ملک میں تقریباً 31 لاکھ میٹرک ٹن چینی کے اسٹاکس موجود ہیں، جبکہ ملکی سطح پر چینی کی ماہانہ اوسط کھپت تقریباً 5 لاکھ 64 ہزار 196 میٹرک ٹن ہے۔ ایسوسی ایشن کا موقف ہے کہ موجودہ ذخائر کے باعث شوگر انڈسٹری کو بھاری مالی دباؤ اور بڑے پیمانے پر غیر فروخت شدہ اسٹاک کے مسئلے کا سامنا ہے۔ خط میں خبردار کیا گیا ہے کہ اگلے کرشنگ سیزن کے آغاز تک ملک میں تقریباً 11 لاکھ 97 ہزار میٹرک ٹن فالتو چینی کا ذخیرہ موجود ہوگا۔ ایسوسی ایشن کے مطابق آئندہ سیزن میں گنے کی ایک مرتبہ پھر بمپر فصل متوقع ہے، جس کے نتیجے میں ملکی ضرورت سے زائد چینی کی پیداوار کا امکان مزید بڑھ جائے گا۔ شوگر ملز کا کہنا ہے کہ اگر موجودہ اضافی ذخیرے کو بروقت برآمد نہ کیا گیا تو نئے کرشنگ سیزن کے دوران پیدا ہونے والی چینی کے ساتھ اسٹاک کا حجم مزید بڑھ سکتا ہے، جس سے صنعت کے لیے مالی اور انتظامی مشکلات میں اضافہ ہوگا۔ ایسوسی ایشن نے موقف اختیار کیا ہے کہ فروخت نہ ہونے والی چینی کے بڑے ذخائر کے باعث شوگر ملوں کے پاس سرمایہ اور ورکنگ کیپٹل کی شدید کمی پیدا ہو رہی ہے۔ ملوں کو اپنے موجودہ اسٹاک کی مالی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ نئے کرشنگ سیزن سے قبل اضافی ذخائر کا مسئلہ حل کرنا بھی ضروری ہے۔ خط میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ پہلے مرحلے میں 6 لاکھ 33 ہزار میٹرک ٹن اضافی چینی کی فوری برآمد کی اجازت دی جائے اور اس کے بعد باقی فالتو اسٹاک کو بھی نئے کرشنگ سیزن کے آغاز کے ایک ماہ کے اندر بیرون ملک بھیجنے کی منظوری دی جائے۔ شوگر انڈسٹری کا کہنا ہے کہ بروقت برآمد سے نہ صرف اضافی ذخائر کو کم کرنے میں مدد ملے گی بلکہ شوگر ملوں کی لیکویڈیٹی اور مالی مشکلات بھی کسی حد تک کم ہو سکیں گی۔ پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن پہلے بھی اضافی چینی کی برآمد کی اجازت دینے کا مطالبہ کرتی رہی ہے، جبکہ ایک حالیہ امریکی محکمہ زراعت کی رپورٹ کے مطابق ایسوسی ایشن کا موقف ہے کہ بروقت برآمدات سے بڑھتے ہوئے انوینٹری اخراجات کم کرنے، ملوں کی مالی روانی بہتر بنانے اور زرمبادلہ کمانے میں مدد مل سکتی ہے۔ ایسوسی ایشن نے حکومت پر زور دیا ہے کہ چینی کے موجودہ اور متوقع اضافی ذخائر کو مدنظر رکھتے ہوئے برآمدی پالیسی کے حوالے سے فوری فیصلہ کیا جائے تاکہ آئندہ کرشنگ سیزن سے قبل صنعت کو اضافی اسٹاک کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے بچایا جا سکے

بقیہ 17

ن، قطر اور عمان پر مرکوز ہیں، اسلام آباد میمورنڈم پر دباؤ کے باوجود پاکستان امریکا ایران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے کی کوشش جاری رکھے ہوئے ہے، امریکا اور ایران دونوں کے ساتھ پاکستان کے روابط اسے تنازع کے حل کے لیے منفرد ثالث بناتے ہیں۔ امریکی تھنک ٹینک کی اشاعت میں تجزیہ میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد میمورنڈم پر دباؤ کے باوجود پاکستان امریکا ایران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے کی کوشش جاری رکھے ہوئے ہے۔ پاکستان اور قطر نے امریکا ایران کو جنگ بندی اور مذاکرات کی طرف واپس لانے کے لیے مشترکہ تجویز پیش کی۔ تھنک ٹینک نے ایرانی وزیر داخلہ کی حالیہ اسلام آباد آمد پاکستان کی ثالثی پر تہران کے اعتماد کا مظہر قرار دیا ہے اور کہا گیا ہے کہ پاکستانی وزیر خارجہ کی جانب سے ایرانی ہم منصب کو اسلام آباد آنے کی دعوت، امن عمل جاری رکھنے کا واضح عزم کا اظہار ہے۔ تھنک ٹینک کے مطابق پاکستان دونوں فریقوں کے لیے قابل اعتماد ثالث کی حیثیت سے امریکا ایران رابطے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، واشنگٹن سے دفاعی روابط، تہران سے تاریخی تعلقات اور بیجنگ سے قربت پاکستان کو منفرد سفارتی حیثیت دیتے ہیں۔ امریکا اور ایران دونوں کے ساتھ پاکستان کے روابط اسے تنازع کے حل کے لیے منفرد ثالث بناتے ہیں، پاکستان کی سفارتی طاقت محض ردعمل تک محدود نہیں۔

بقیہ 18

ب کے علاقے میں غلام فاروق اپنے ساتھی کے ہمراہ جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں غلام فاروق موقع پر ہلاک ہوگیا اس کا ساتھی معجزانہ طور پر محفوظ رہا حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے واقع کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 19

آمد پر شہریوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وطن کی محبت ان کے دلوں میں رچی بسی ہے اور پاکستان کا عشق ان کی رگوں میں خون بن کر دوڑتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان صرف ایک ملک نہیں بلکہ ان کی شناخت، امید اور مستقبل کی علامت ہے۔ شہریوں نے کہا کہ پاک سرزمین ان کے خوابوں کا چمن ہے، جسے حاصل کرنے کے لیے ہمارے بزرگوں نے بے مثال قربانیاں دیں۔ قیام پاکستان کے لیے پیش کی جانے والی قربانیاں آج بھی قوم کے لیے مشعل راہ ہیں اور آزادی کی قدر و منزلت کو اجاگر کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسا کوئی ملک نہیں، جس کے حصول کے لیے ایک کٹھن اور طویل سفر طے کیا گیا۔ لاکھوں افراد نے ہجرت کی صعوبتیں برداشت کیں اور اپنی جان و مال کی قربانیاں پیش کیں، تب جا کر آزاد وطن حاصل ہوا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ یوم آزادی ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو یاد کرنے اور ملک کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے ہر شہری اپنا کردار ادا کرے گا اور قومی اتحاد و یکجہتی کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ شہریوں نے وطن عزیز کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ہمارا وطن ہمیشہ یونہی آزاد رہے، آباد رہے، پاکستان زندہ باد۔

بقیہ 20

ئی کورٹ اور لاہور ہائی کورٹ کے بعض ایڈیشنل ججز کو مستقل جج مقرر کرنے کی بھی توثیق کر دی گئی۔ صدر مملکت نے سپریم کورٹ کے ججز کی تنخواہوں، الاؤنسز اور پنشن کو وفاقی آئینی عدالت کے ججز کے مساوی کرنے کی منظوری بھی دے دی۔ اس فیصلے کے تحت اعلیٰ عدلیہ کے ججز سے متعلق مالی مراعات میں اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ مزید برآں، ہائی کورٹ ججز کی رخصت، پنشن اور دیگر مراعات سے متعلق 1997 کے حکم میں ترامیم کی بھی منظوری دے دی گئی۔ دوسری جانب صدر مملکت نے ہارون اختر کو وزیراعظم کا مشیر برائے صنعت و پیداوار مقرر کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ صدر مملکت کی جانب سے مذکورہ منظوریوں کے بعد مختلف ہائی کورٹس میں ججز کی تعیناتی اور اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی مالی و انتظامی مراعات سے متعلق اہم اقدامات کو عملی شکل دینے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔

بقیہ 21

لات کے نظام سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا کہ کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز میں کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کی کوئی گنجائش نہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ کسی بھی بے ضابطگی یا غیر قانونی سرگرمی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ کسٹمز ویئر ہاؤسز میں پیٹرولیم مصنوعات سے متعلق کارگو کی نگرانی وی-باک (BOC-We) نظام سے منسلک ہے، جبکہ بانڈڈ تجارت ملک کی مجموعی درآمدات کا 16.5 فیصد ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر ملک بھر کے کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز کی فزیکل اسٹاک ویریفکیشن بھی کرائی جائے گی۔ اس کے علاوہ ویئر ہاؤسز کی لائسنسنگ اور سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز کی ویلیوایشن ٹیسٹنگ کرائی جائے گی جبکہ متعلقہ انفارمیشن ٹیکنالوجی سسٹم کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ بانڈڈ ویئر ہاؤسز میں بے ضابطگیوں کے خاتمے کے لیے ضروری اقدامات جاری ہیں۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے، تمام اصلاحاتی اقدامات کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور محصولات کے نظام میں شفافیت و جوابدہی کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر پیٹرولیم ڈویژن علی پرویز ملک، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر، رکن قومی اسمبلی عثمان اویس، گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 22

(DCC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس سوک سینٹر حب میں منعقد ہوا، جس میں 14 اگست یوم آزادی کی تقریبات، امن و امان، ٹریفک مینجمنٹ، انسداد منشیات، اسمگلنگ کے خلاف کارروائی، سرکاری عمارات کی سیکیورٹی اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے آغاز میں تلاوت کلام پاک کی گئی، جس کے بعد شرکا کا تعارف ہوا۔ اجلاس میں پولیس، ایف سی، ضلعی انتظامیہ، محکمہ ایکسائز، اے این ایف، پاکستان کسٹمز، انٹیلی جنس اداروں، LIEDA، بلدیاتی اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر حب نے ہدایت کی کہ 14 اگست یوم آزادی کو قومی جوش و جذبے اور شایان شان انداز میں منایا جائے۔ تمام سرکاری محکموں کو اپنی عمارات کو قومی پرچموں سے سجانے اور خوبصورت روشنیوں سے منور کرنے کی ہدایت کی گئی۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حب کو باب بلوچستان سے گیلرون کراس تک پورے RCD روٹ پر قومی پرچم نصب کرنے جبکہ MD LIEDA کو LIEDA روڈ پر قومی پرچم لگانے کی ہدایت کی گئی تمام محکموں کے سربراہان اور افسران کو 14 اگست کو صبح 7:45 بجے پرچم کشائی کی مرکزی تقریب میں شرکت اور صبح 9 بجے LIEDA آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والی مرکزی یوم آزادی تقریب میں بھرپور شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنرز وندر اور دریجی کو اپنی اپنی سب ڈویژنز میں چیف آفیسرز اور تحصیلداروں کے تعاون سے یوم آزادی کی تقریبات منعقد کرنے کی ہدایت بھی کی گئی

بقیہ 23

ہلاکتوں کی اطلاعات ابتدائی نوعیت کی ہیں اور واقعے سے متعلق مزید معلومات سامنے آنے کا انتظار ہے۔ حوثیوں کی جانب سے فوری ردعمل نہیں دیا گیا اور نہ ہی گروپ نے اس حملے کی ذمہ داری یا اس میں ہونے والے جانی نقصان کے حوالے سے کوئی تفصیلات جاری کی ہیں۔ باب المندب آبنائے بحیرہ احمر اور خلیج عدن کو ملانے والی انتہائی اہم سمندری گزرگاہ ہے۔ ایشیا، مشرق وسطیٰ اور یورپ کے درمیان تجارت اور توانائی کی ترسیل کے لیے اس راستے کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ اس علاقے میں حالیہ برسوں کے دوران تجارتی جہازوں پر ہونے والے حملوں کے باعث عالمی شپنگ کمپنیوں کو سیکیورٹی خدشات کا سامنا رہا ہے۔ متعدد کمپنیوں نے خطرات کے پیش نظر اپنے بحری جہازوں کے راستے تبدیل کیے ہیں، جس سے سفر کا وقت اور اخراجات بھی بڑھ سکتے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق باب المندب میں کسی بھی نئے حملے سے نہ صرف بحری جہازوں کی سلامتی کے خدشات میں اضافہ ہو سکتا ہے بلکہ عالمی تجارت اور خطے میں پہلے سے موجود کشیدگی بھی مزید متاثر ہو سکتی ہے۔ واقعے میں جاں بحق ہونے والے پاکستانی شہریوں کی شناخت، ان کے آبائی علاقوں اور جہاز کی مکمل تفصیلات کے بارے میں مزید معلومات کا انتظار ہے۔

بقیہ 24

کے وجود کا لازمی حصہ ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہماری اقلیتوں کے خواب ہمارے خواب اور ان کی امیدیں ہماری امیدیں ہیں، ان کا مستقبل پاکستان کے مستقبل سے جدا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اقلیتی برادریوں کے آئینی حقوق، مذہبی آزادی اور مساوی شہریت کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ پیپلز پارٹی چیئرمین نے کہا کہ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کا وژن ایک ایسے پاکستان کا تقاضا کرتا ہے جہاں تنوع کو قومی طاقت سمجھا جائے اور ہر شہری خوف اور امتیاز کے بغیر وقار کے ساتھ زندگی گزار سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور استحکام اسی وقت ممکن ہے جب معاشرے کے تمام طبقات کو برابر کے حقوق اور مواقع حاصل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ 1973ء کا متفقہ آئین قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید کا قوم کے لیے تاریخی تحفہ ہے، جو تمام شہریوں کے مساوی حقوق اور مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو انسانی حقوق، اقلیتوں کے حقوق اور مساوات کی ہمیشہ توانا آواز اور علمبردار رہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پہلے دور صدارت میں 11 مارچ کو اقلیتوں کا قومی دن منانے کا فیصلہ کیا تھا۔ یہ اقدام رواداری، ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے ان کے پائیدار عزم کا آئینہ دار ہے۔ انہوں نے قوم پر زور دیا کہ اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر ایسے پاکستان کی تعمیر کے عزم کی تجدید کی جائے جہاں ہر مذہب کا احترام ہو، ہر آواز کو وقار کے ساتھ سنا جائے اور ہر شہری کو مساوی حقوق، مواقع اور محفوظ مستقبل حاصل ہو۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل باہمی احترام، مذہبی آزادی، مساوات اور تمام شہریوں کی شمولیت سے وابستہ ہے۔ قوم کو مل کر ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں مذہب، عقیدے یا شناخت کی بنیاد پر کسی شہری کو امتیاز کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 25

نوجوانوں کو ان کی بیش قیمت قدرتی استعداد، پرجوش توانائی اور مثبت امنگوں پر خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ اس سال نوجوانوں کا عالمی دن مختلف حالات، مشترکہ امنگیں کے عنوان سے منایا جا رہا ہے۔ اس موضوع کا مقصد اس حقیقت کو اجاگر کرنا ہے کہ دنیا بھر میں نوجوان مختلف حالات اور ماحول میں زندگی گزار رہے ہیں، تاہم تابناک مستقبل کے خواب، امنگیں اور خواہشات سب میں یکساں ہیں۔ حکومت پاکستان کے مطابق نوجوان ملک کا انمول سرمایہ اور روشن مستقبل کے معمار ہیں۔ نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتیں اور پرعزم محنت معاشرے کے ہر شعبے میں امید افزا ترقی کا باعث بن رہی ہیں۔ نوجوانوں کی صلاحیتوں اور بھرپور استعداد کا مؤثر اظہار خوشحال، پرامن اور مضبوط پاکستان کی تعمیر کے لیے ناگزیر ہے۔ پاکستان کی نوجوان آبادی نے زندگی کے مختلف شعبوں میں قومی اور عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کیا ہے، جبکہ مقامی سطح پر بھی نوجوان فعال سماجی ارکان کی حیثیت سے معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ حکومت کا کہنا ہے کہ نوجوانوں کی ذہنی، جسمانی، فکری اور علمی نشوونما کے لیے تمام دستیاب قومی وسائل بروئے کار لانا حکومتی ترجیحات میں شامل ہے۔ نوجوانوں کو عصر حاضر سے ہم آہنگ جدید اور معیاری تعلیم، فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں، روزگار کے مواقع، کاروبار و صنعت کاری، ڈیجیٹل جدت اور سماجی شمولیت کے ذریعے بااختیار بنانے کے لیے مختلف پالیسیوں اور عملی اقدامات پر کام جاری ہے۔

بقیہ 26

ہے کہ تمام شہری مذہب، رنگ اور نسل سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کے حقوق کا احترام کریں اور ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتیں ملک کی برابر کی شہری ہیں اور ملکی ترقی و خوشحالی میں ان کا اہم کردار ہے اسلام اور آئین پاکستان نے اقلیتوں کو جو حقوق دیے ہیں، وہ دنیا میں کہیں بھی کسی کو میسر نہیں ہے۔ وہ کوئٹہ میں اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں وزیراعظم کے یوتھ کوآرڈینیٹر حیدر خان اچکزئی، سابق وفاقی وزیر ظلیل جارج، مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں اور اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ اسلام نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، مذہبی آزادی اور انسانی وقار کا واضح تصور دیا ہے، جبکہ آئین پاکستان بھی تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتی برادری کو مذہبی آزادی، اپنی عبادات اور مذہبی رسومات کی ادائیگی سمیت آئینی حقوق حاصل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری نے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا ہے۔ تعلیم، صحت، سیاست، تجارت، سرکاری و نجی شعبوں سمیت مختلف شعبوں میں اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کی خدمات قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کے مسائل کا حل اور انہیں قومی دھارے میں مزید مؤثر انداز میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت اور سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ اقلیتوں کے جائز مسائل کے حل، ان کے حقوق کے تحفظ اور انہیں ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ملک میں اتحاد، بھائی چارے اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ پر یقین رکھتی ہے۔ پاکستان کی ترقی اور استحکام کے لیے ضروری ہے کہ تمام شہری مذہب، رنگ اور نسل سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کے حقوق کا احترام کریں اور ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ تقریب کے اختتام پر اقلیتوں کے عالمی دن کی مناسبت سے کیک بھی کاٹا گیا اور ملک کی سلامتی، استحکام، امن اور خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 27

فی لیٹر 2 روپے تک کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 1.67 روپے فی لیٹر جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 1 روپے فی لیٹر تک کمی متوقع ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ قیمتوں کا تعین صرف 12 اگست، ایک روز کے لیے کیا جائے گا۔ اوگرا رات کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین کرے گا، جس کے بعد پیٹرولیم ڈویژن نئی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ممکنہ کمی کا حتمی فیصلہ اوگرا کی جانب سے قیمتوں کے تعین اور متعلقہ حکام کی منظوری کے بعد کیا جائے گا۔

بقیہ 28

آئی ایس پی آر انٹرن شپ پروگرام میں شریک طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شجرکاری میں بھرپور حصہ لیا۔ شجرکاری مہم کے دوران شرکاء نے پودے لگائے اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے اجتماعی ذمہ داری کا عملی مظاہرہ کیا۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ آئی ایس پی آر اور ڈی ایچ اے کے تعاون سے شجرکاری مہم ایک قابل تحسین اقدام ہے، جو ملک میں سرسبزی کے فروغ اور ماحول کے تحفظ کے لیے اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ شرکاء نے کہا کہ مون سون شجرکاری مہم ملک میں ہریالی بڑھانے، ماحول کو بہتر بنانے اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے کا بہترین موقع ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے، جس سے نمٹنے کے لیے اجتماعی اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا مقابلہ کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے اور موجودہ جنگلات کے تحفظ پر توجہ دینا ہوگی۔ شجرکاری نہ صرف ماحول کو صاف رکھنے میں مدد دیتی ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے صحت مند اور بہتر مستقبل کی بنیاد بھی فراہم کرتی ہے۔ مہم میں شریک نوجوانوں اور طلبہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ شجرکاری اور ماحول کے تحفظ کے پیغام کو اپنے تعلیمی اداروں، گھروں اور معاشرے تک پہنچائیں گے۔ شرکاء نے قوم پر زور دیا کہ آنے والی نسلوں کے سرسبز، صاف اور صحت مند مستقبل کے لیے آج ہی سے عملی اقدامات شروع کیے جائیں۔ شجرکاری مہم کے شرکاء نے کہا کہ درخت لگانا صرف ایک موسمی سرگرمی نہیں بلکہ قومی اور اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ہر شہری کو اپنے حصے کا پودا لگانے اور اس کی نگہداشت کو یقینی بنانے میں کردار ادا کرنا چاہیے۔ آئی ایس پی آر اور ڈی ایچ اے انتظامیہ کے تعاون سے شروع کی گئی شجرکاری مہم کو سرسبز اور مضبوط پاکستان کے وژن کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا گیا، جس کا مقصد ماحولیاتی شعور اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ شہریوں، بالخصوص نوجوان نسل کو ماحول کے تحفظ کے لیے عملی کردار ادا کرنے کی ترغیب دینا ہے۔

بقیہ 29

کا وطیرہ بن چکی۔ مال روڈ فائرنگ واقعہ پر میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا تشدد کی سیاست پی ٹی آئی وطیرہ بن چکی۔ پی ٹی آئی کے اسلحہ سے لیس پارٹی پرچم لپیٹے ہوئے کارکن نے سکیورٹی اہلکار پر فائرنگ کی۔ یہ اس سے پہلے بھی احتجاج کو دوران سکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ کر کے انہیں شہید کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا پی ٹی آئی کارکن نے سکیورٹی اہلکار پر بلا جواز فائرنگ کی۔ انہوں نے لانگ مارچ کی بھی کال دی ہے۔ پی ٹی آئی پرامن احتجاج پر یقین نہیں رکھتی۔ ان کے مقاصد اور عزائم پوری قوم دیکھ چکی ہے۔ مسلح ہو کر دن دیہاڑے سکیورٹی اہلکار پر فائرنگ کرنا انتہائی قابل مذمت ہے۔ تشدد پی ٹی آئی کا نظریہ ہے، انہوں نے ہمیشہ تشدد کی سیاست کی ہے۔ ان کا کوئی ایک احتجاج بھی پرامن نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا آج کے واقعہ سے بہت سی چیزیں دنیا کے سامنے آئی ہیں۔ پی ٹی آئی کے کارکن سے پی ٹی آئی کا جھنڈا اور دیگر دستاویزات بھی برآمد ہوئیں۔ انہوں نے کہا یہ ملک میں انارکی پھیلانا اور امن و امان کو تباہ کرنا چاہتے ہیں کیونکہ ملک کی ترقی پی ٹی آئی کو ہضم نہیں ہو رہی، یہ ہر اہم موقع پر احتجاج کا اعلان کر دیتے ہیں۔ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ پی ٹی آئی کے ہر احتجاج کے پیچھے مذموم مقاصد ہیں۔ یہ امن و امان کو تباہ کر کے ملک کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ ابھی حال ہی میں مکہ دفاعی معاہدہ طے پایا۔ اس معاہدے کے لئے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ اور ادھر انہوں نے لانگ مارچ کی کال دے ڈالی۔ جیسے ہی ملک اوپر جانے لگتا ہے ترقی کے سفر کا آغاز ہوتا ہے، باہر سے کسی لیڈر نے آنا ہوتا ہے یہ انتشار اور انارکی پھیلانے کی کال دے دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے اپنے مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ ان شاء اللہ پاکستان ترقی کرتا رہے گا۔ پاکستانی قیادت ترقی کے لئے دن رات کوشاں ہے۔ ان شاء اللہ پاکستان اور پاکستان کے عوام کو ہر محاذ پر فتح ہوگی اور دشمنوں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 30

کہ دونوں کے درمیان تعلقات بہت اچھے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اوول آفس میں ایک تقریب کے اختتام پر صحافی کی جانب سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں ٹرمپ نے کہا کہ نیتن یاہو کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں۔ خیال رہے کہ ایک ہفتے سے زائد عرصے تک بتدریج بڑھتی ہوئی تنقید کے بعد نیتن یاہو نے اتوار کے روز واضح طور پر کہا کہ غزہ منصوبے کی مخالفت کرتا ہوں۔ امن منصوبے کے تحت اسرائیل کو حماس کی جانب سے غیر مسلح ہونے کے عمل کے ساتھ ساتھ اپنی افواج غزہ سے واپس بلانی تھیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیل کے سب سے طویل عرصے تک وزیراعظم رہنے والے نیتن یاہو 27 اکتوبر کو ہونے والے انتخابات سے قبل بعض رائے عامہ کے جائزوں میں اپنے حریفوں کے برابر یا ان سے پیچھے ہیں، یہ انتخابات 2023ء میں شروع ہونے والی غزہ جنگ کے بعد پہلے انتخابات ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رائے عامہ کے جائزوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ غزہ منصوبہ نیتن یاہو کے دائیں بازو کے حامیوں میں مقبول نہیں ہے، جبکہ ان کی کابینہ میں شامل انتہائی دائیں بازو کے ارکان نے بھی ان پر منصوبہ مسترد کرنے کے لیے دباؤ ڈالا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں نیتن یاہو نے ٹرمپ کے ساتھ اپنے تعلقات کو اپنی سیاسی مہم کی اہم طاقت کے طور پر پیش کیا تھا۔ ٹرمپ نے اسرائیل کی حمایت میں غیر معمولی اقدامات کیے ہیں، جن میں امریکی سفارت خانے کو یروشلم منتقل کرنا بھی شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے فروری کے اواخر میں نیتن یاہو کے ساتھ مل کر ایران کے خلاف جنگ شروع کی تھی، تاہم دونوں رہنماؤں کے درمیان اختلاف اس وقت سامنے آیا جب ٹرمپ نے جنگ بندی اور اس کے بعد تنازع کے مذاکراتی تصفیے پر زور دیا، جنگ کے باعث ٹرمپ کی مقبولیت متاثر ہو رہی تھی اور تیل کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ہو رہا تھا۔ غزہ امن منصوبہ گزشتہ برس اکتوبر میں امریکی ثالثی میں طے پانے والی جنگ بندی کا تازہ ترین مرحلہ تھا، جس کے نتیجے میں غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں کمی تو آئی ہے، تاہم وہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوئیں۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق جنگ بندی کے بعد سے اسرائیلی کارروائیوں میں 1,250 سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، جبکہ اسرائیلی فوج کے مطابق اسی عرصے کے دوران اس کے 5 اہلکار ہلاک ہوئے ہیں

بقیہ 31

شامل ہے۔ صدر مملکت کی جانب سے منظور کیے گئے بلوں میں ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان ترمیمی بل 2026، مالیاتی اداروں کی مالی رقوم کی وصولی ترمیمی بل 2026 اور وفاقی بورڈ آف ریونیو ترمیمی بل 2026 شامل ہیں۔ صدر مملکت نے مذکورہ قانونی ترامیم کی منظوری دیتے ہوئے مالیاتی اور محصولات کے نظام سے متعلق قانون سازی کے عمل کو آگے بڑھایا۔ ان منظوریوں کا تعلق بالخصوص مالیاتی اداروں، تجارتی سرگرمیوں اور وفاقی محصولات کے نظام سے ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے سید علی محمود کو پاکستان سول ایوارڈ عطا کرنے کی منظوری بھی دے دی۔ سول ایوارڈ کی منظوری کے ذریعے ان کی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے۔ صدر مملکت نے تنظیم اسلامی تعاون کے رکن ممالک کے انسداد بدعنوانی قوانین کے نفاذ میں تعاون سے متعلق مکہ المکرمہ کنونشن کی توثیق کی منظوری بھی دے دی۔ مکہ مکرمہ کنونشن کی توثیق کی منظوری انسداد بدعنوانی کے حوالے سے رکن ممالک کے درمیان تعاون کو مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ اس کنونشن کے ذریعے متعلقہ ممالک کے درمیان بدعنوانی کے تدارک اور انسداد بدعنوانی قوانین کے نفاذ میں باہمی تعاون کے لیے فریم ورک کو تقویت ملتی ہے۔ صدر مملکت کی جانب سے مختلف بلوں، سمریوں، سول ایوارڈ اور بین الاقوامی کنونشن کی توثیق کی منظوری سے حکومتی قانون سازی، مالیاتی امور اور انسداد بدعنوانی کے شعبوں میں اہم اقدامات کو آگے بڑھایا گیا ہے

بقیہ 32

سے پاکستان میں فی ایکڑ پیداوار بڑھانے، فصلوں کے نقصانات کم کرنے اور پیداواری لاگت گھٹانے میں مدد مل سکتی ہے۔ روسی ماہرین کی معاونت سے فرٹیلائزر پلانٹس کو جدید بنا کر کھاد کی مقامی پیداوار میں بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ مویشی پالنے کے شعبے میں بھی تعاون خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ روسی ویکسین، تشخیصی نظام، حیوانی صحت کی ٹیکنالوجی اور ویٹرنری تربیت سے فائدہ اٹھا کر پاکستان دودھ، گوشت اور لائیوسٹاک کی پیداوار و برآمدات میں نمایاں اضافہ کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روسی کمپنیوں کو پاکستان میں زرعی مشینری، ویکسین، زرعی ادویات اور دیگر متعلقہ مصنوعات کی مشترکہ پیداوار کیلئے راغب کیا جانا چاہیے۔ مشترکہ تحقیق، ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور مقامی مینوفیکچرنگ سے درآمدی انحصار کم اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایسے شراکت داری کی ضرورت ہے جو صرف مصنوعات فروخت نہ کرے بلکہ ٹیکنالوجی، تحقیق اور صنعتی مہارت بھی منتقل کرے۔ روس کے ساتھ تعاون پاکستان کے زرعی اور لائیوسٹاک شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا قابل عمل راستہ فراہم کرتا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ روس کے ساتھ مربوط زرعی شراکت داری پاکستان کی پیداواری لاگت کم، غذائی تحفظ مضبوط، درآمدی انحصار محدود اور زرعی و لائیوسٹاک معیشت کو عالمی منڈی میں زیادہ مسابقتی بنا سکتی ہے۔

بقیہ 33

وڈیرہ غازی خان مری، سابق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر صاحب خان مری، وڈیرہ رحواز ٹنگ، سابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عثمان شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر بہادر شاہ، ایڈووکیٹ میر جنگل خان، پرنسپل اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول جمال ناصر، ڈاکٹر جمعہ خان مری، وڈیرہ یعقوب خان سمیت عسکری حکام، ضلعی افسران، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندوں مختلف سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے اساتذہ، طلبہ، والدین اور شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کے دوران طلبہ نے ملی نغمے قومی ٹیبلوز، تقاریر اور مختلف خاکے پیش کیے جن میں تحریک پاکستان، بانیان پاکستان کی جدوجہد شہدائے وطن کی لازوال قربانیوں اور سبز ہلالی پرچم سے محبت کے جذبات کو نہایت خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا۔ ننھے طلبہ کی شاندار پرفارمنس نے حاضرین کے دل موہ لیے، جبکہ شرکا نے بھرپور تالیاں بجا کر بچوں کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل نصیر احمد ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری، اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کے بانی میر باز محمد مری اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم آزادی پاکستانی قوم کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور ہمارے بزرگوں کی بے مثال قربانیوں کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان لاکھوں مسلمانوں کی لازوال قربانیوں، عزم اور جدوجہد کے نتیجے میں حاصل ہوا اس لیے اس کی سلامتی خودمختاری، استحکام اور ترقی کا تحفظ ہر پاکستانی کی اولین قومی ذمہ داری ہے مقررین نے کہا کہ یوم آزادی صرف خوشیاں منانے کا دن نہیں بلکہ تجدید عہد کا دن بھی ہے ہمیں اس عزم کا اعادہ کرنا چاہیے کہ ہم اتحاد ایمان اور تنظیم و ضبط کے سنہری اصولوں پر عمل کرتے ہوئے وطن عزیز کی ترقی خوشحالی امن و امان اور استحکام کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے نئی نسل پر زور دیا کہ وہ تعلیم کردار حب الوطنی اور قومی خدمت کے جذبے کو اپنا شعار بنائے تاکہ پاکستان کو مزید مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال بنایا جا سکے اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری نے اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے 50 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل نصیر احمد نے مختلف مقابلوں اور ملی پروگراموں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے جبکہ اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کی انتظامیہ کی جانب سے مہمان خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں کو یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں

بقیہ 01

سے پاکستان میں فی ایکڑ پیداوار بڑھانے، فصلوں کے نقصانات کم کرنے اور پیداواری لاگت گھٹانے میں مدد مل سکتی ہے۔ روسی ماہرین کی معاونت سے فرٹیلائزر پلانٹس کو جدید بنا کر کھاد کی مقامی پیداوار میں بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ مویشی پالنے کے شعبے میں تعاون بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ روسی ویکسین، تشخیصی نظام، حیوانی صحت کی ٹیکنالوجی اور ویٹرنری تربیت سے فائدہ اٹھا کر پاکستان دودھ، گوشت اور لائیوسٹاک کی پیداوار و برآمدات میں نمایاں اضافہ کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روسی کمپنیوں کو پاکستان میں زرعی مشینری، ویکسین، زرعی ادویات اور دیگر متعلقہ مصنوعات کی مشترکہ پیداوار کیلئے راغب کیا جانا چاہیے۔ مشترکہ تحقیق، ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور مقامی مینوفیکچرنگ سے درآمدی انحصار کم اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایسی شراکت داری کی ضرورت ہے جو صرف مصنوعات فروخت نہ کرے بلکہ ٹیکنالوجی، تحقیق اور متعلقہ مہارت بھی منتقل کرے۔ روس کے ساتھ تعاون پاکستان کے زرعی اور لائیوسٹاک شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا قابل عمل راستہ فراہم کرتا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ روس کے ساتھ مربوط زرعی شراکت داری پاکستان کی پیداواری لاگت کم، غذائی تحفظ مضبوط، درآمدی انحصار محدود اور زرعی و لائیوسٹاک معیشت کو عالمی منڈی میں زیادہ مسابقتی بنا سکتی ہے۔

بقیہ 02

وڈیرہ غازی خان مری، سابق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر صاحب خان مری، وڈیرہ نواز ژنگ، سابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عثمان شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر بہادر شاہ، ایڈووکیٹ میر ہنگل خان، پرنسپل اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول جمال ناصر، ڈاکٹر جمعہ خان مری، وڈیرہ یعقوب خان سمیت عسکری حکام، ضلعی افسران، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندوں، مختلف سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے اساتذہ، طلبہ، والدین اور شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کے دوران طلبہ نے ملی نغمے، قومی ٹیبلوز، تقاریر اور مختلف خاکے پیش کیے جن میں تحریک پاکستان، بانیان پاکستان کی جدوجہد شہدائے وطن کی لازوال قربانیوں اور سبز ہلالی پرچم سے محبت کے جذبات کو نہایت خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا۔ ننھے طلبہ کی شاندار پرفارمنس نے حاضرین کے دل موہ لیے، جبکہ شرکا نے بھرپور تالیاں بجا کر بچوں کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل نصیر احمد ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری، اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کے بانی میر باز محمد مری اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم آزادی پاکستانی قوم کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور ہمارے بزرگوں کی بے مثال قربانیوں کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان لاکھوں مسلمانوں کی لازوال قربانیوں، عزم اور جدوجہد کے نتیجے میں حاصل ہوا اس لیے اس کی سلامتی، خودمختاری، استحکام اور ترقی کا تحفظ ہر پاکستانی کی اولین قومی ذمہ داری ہے۔ مقررین نے کہا کہ یوم آزادی صرف خوشیاں منانے کا دن نہیں بلکہ تجدید عہد کا دن بھی ہے ہمیں اس عزم کا اعادہ کرنا چاہیے کہ ہم اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کے سنہری اصولوں پر عمل کرتے ہوئے وطن عزیز کی ترقی خوشحالی امن وامان اور استحکام کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے نئی نسل پر زور دیا کہ وہ تعلیم کردار حب الوطنی اور قومی خدمت کے جذبے کو اپنا شعار بنائے تاکہ پاکستان کو مزید مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال بنایا جا سکے اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری نے اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے 50 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل نصیر احمد نے مختلف مقابلوں اور ملی پروگراموں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے جبکہ اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کی انتظامیہ کی جانب سے مہمان خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں کو یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں آخر میں پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی، خوشحالی، افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور شہدائے وطن کے بلند درجات کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ تقریب کا اختتام قومی جذبے پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعروں اور وطن عزیز سے غیر متزلزل وفاداری کے عزم کے ساتھ ہوا۔

بقیہ 03

حدود میں شامل کرنے کے فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے علاقوں کو بدستور تحصیل کوہلو کا حصہ رہنے دیا جائے کیونکہ حکومت کی جانب سے ایک سرکاری آفیسر کی ایماء پر دونوں علاقوں کے عوام کی مرضی ومنشاء کے برخلاف بغیر عوام اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لئے علاقوں کو ادھر ادھر کر کے اپنے لوگوں کو نوازنے کے لئے فیصلہ کیا ہے۔ جس کی وجہ سے مری قبیلے کے ساتھ ناانصافی بلکہ ہماری تاریخی شناخت، ثقافت اور روایات پر بھی حملے کے مترادف ہے جس کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا اس فیصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے علاقوں کو واپس اپنی سابقہ پوزیشن پر رکھا جائے اگر ایسا نہ کیا تو ہم عدالت عالیہ سمیت تمام فورم پر آواز اٹھانے کے لئے قانونی کارروائی کریں گے اور علاقے کے لوگوں کے ساتھ ملکر اپنے مطالبات کے حصول کے لئے احتجاج سے بھی گریز نہیں کریں گے کیونکہ یہ ہماری قومی شناخت اور علاقہ مکینوں کی دیرینہ خواہش ہے جس پر آنچ آنے دیں گے۔

بقیہ 04

ن بزنس فیسلیٹیشن سینٹر میں مجموعی طور پر 2,902 درخواستوں کا پراسیس مکمل کیا گیا، جبکہ 347 درخواستیں منظور کرتے ہوئے متعلقہ RLCOs جاری کیے گئے۔ یہ پیش رفت صوبے میں کاروباری اور سرمایہ کاری سے متعلق امور کو آسان، تیز اور ایک ہی پلیٹ فارم کے ذریعے انجام دینے کی کوششوں کا عکاس ہے۔ وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ بورڈ بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام صوبے میں کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کا مقصد سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو غیر ضروری دفتری مراحل سے نجات دلا کر شفاف، آسان اور مؤثر سروس ڈیلیوری فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ BFC کی ابتدائی چھ ماہ کی کارکردگی حوصلہ افزا ہے، تاہم ادارے کی کوشش ہے کہ آنے والے دنوں میں درخواستوں کی پراسیسنگ اور منظوری کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ بلوچستان میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا ہو۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر بلوچستان سرمایہ بورڈ قائم لاشاری نے کہا کہ بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کو مختلف محکموں کے درمیان رابطے کے پیچیدہ عمل سے نکال کر ون ونڈو سہولت فراہم کرنا ہے انہوں نے کہا کہ صرف چھ ماہ کے دوران 2,902 درخواستوں کی پراسیسنگ اور 347 RLCOs کا اجراء اس امر کا ثبوت ہے کہ BFC کاروباری سہولت کاری کے اپنے مقصد کی جانب تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ سروسز کے معیار، رفتار اور شفافیت کو مزید بہتر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے۔ قائم لاشاری نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں اور BFC کا کردار سرمایہ کاروں کو ان مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے ضروری سہولیات اور رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ بلوچستان سرمایہ بورڈ اور بزنس فیسلیٹیشن سینٹر صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے اپنا کردار مزید مؤثر انداز میں ادا کرتے رہیں گ

بقیہ 05

گیا ہے۔ جمہوری قوتوں کو دیوار سے لگانا بند کیا جائے اور مسائل کو بات سے جمہوری طریقے سے حل کیا جائے ہر چیز کو طاقت کے زور پر حل کرنے کی حکومتی کوششیں پہلے بھی ناکام ہوئیں اب بھی ناکام ہی ہوں گی اور اس سے مزید بے چینی اور محرومی جنم لے گی اور حالات مزید ابتر ہوں گے لہذا ن لیگ اور پیپلز پارٹی کو چاہیے کہ وہ ہوش کے ناخن لیں اور انتقامی کارروائیوں سے گریز کریں قومی لیڈروں کے گھروں پر چھاپے غیر جمہوری اقدام ہیں اس سے گریز کیا جائے آج ملک میں مارشل لا سے زیادہ بد حالات ہیں آزادی اظہار رائے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے صحافی سچ بول نہیں لکھاری سچ لکھ نہیں سکتا پیکا نے سب بھیگا کر دیا اب حکمرانوں پہ تنقید بھی نہیں کر سکتا کوئی ڈرتا ہے کہ کہیں نوٹس نہ آ جائے۔ جمہوری ممالک میں ایسا نہیں ہوتا وہاں تنقید کو خندہ پیشانی سے لیا جاتا ہے اور اپنی اصلاح کی جاتی ہے لیکن یہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے جو آئینہ دکھائے وہ غدار ملک دشمن قرار دیا جاتا ہے اس سوچ کے ساتھ ہم ترقی نہیں کر سکتے نہ دیگر ممالک کا مقابلہ کر سکتے ہیں ہمیں اپنے رویوں کو بدلنا ہوگا اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے۔ آخر میں اویس جدون نے کہا کہ ہم ہر فورم پر سردار اختر مینگل صاحب کے گھر پہ چھاپہ کی مذمت کریں گے۔

بقیہ 06

متعدد بار نادرا آفس کے چکر کاٹے کمیٹیوں میں پیش ہوئے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کی بیوی کا شناختی کارڈ فوری بحال کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کی بیوی کا شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 07

روشنیوں سے سجانے کا سلسلہ بھرپور انداز میں جاری ہے، جس سے شہر میں قومی یکجہتی، حب الوطنی اور جشنِ آزادی کا خوبصورت ماحول نمایاں ہو رہا ہے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 14 اگست یوم آزادی کی مختلف تقریبات کی تیاریوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے، جبکہ اہم شاہراہوں، سرکاری عمارتوں اور دیگر نمایاں مقامات کو قومی پرچموں اور برقی روشنیوں سے مزین کیا جا رہا ہے ضلعی انتظامیہ کے مطابق جشنِ آزادی کی تقریبات کو قومی وقار، جوش و جذبے اور شایانِ شان انداز میں منعقد کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور بھرپور تعاون کے ساتھ انتظامات کو حتمی شکل دے رہے ہیں۔

بقیہ 08

تیاریوں کو بھی حتمی شکل دی جا رہی ہے، جبکہ شہریوں میں جشن آزادی کے حوالے سے بھرپور جوش و خروش پایا جا رہا ہے۔ شہریوں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ یوم آزادی بھرپور قومی جذبے کے ساتھ منایا جائے گا اور پاکستان کی ترقی، خوشحالی، امن و استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کی جائیں گی

بقیہ 09

ایسا واقعہ ہے جس نے بلوچستان میں سیاسی کارکنوں اور ان کے خاندانوں میں پائی جانے والی تشویش کو مزید بڑھا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو سیاسی دباؤ، انتقام یا خوف و ہراس کے لیے استعمال کرنا کسی بھی مہذب، جمہوری اور آئینی معاشرے میں قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دن بدن خواتین سیاسی کارکنوں، سیاسی رہنماؤں اور ان کے اہل خانہ کی اغوا نما گرفتاریوں، چھاپوں، ہراساں کرنے اور خوف و دباؤ کا نشانہ بنانے کا سلسلہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ سیاسی کارکنوں کے گھروں میں داخل ہو کر خواتین اور بچوں کو خوف زدہ کرنا نہ صرف انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ معاشرے میں عدم تحفظ اور بے چینی کو بھی جنم دیتا ہے۔ غلام نبی مری نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی ہمیشہ سے آئین، جمہوریت، سیاسی آزادی، اظہار رائے اور انسانی حقوق کی پاسداری کی جدوجہد کرتی رہی ہے۔ پارٹی کا واضح مؤقف ہے کہ سیاسی اختلاف کو طاقت، گرفتاریوں اور دباؤ کے ذریعے ختم نہیں کیا جا سکتا۔ اگر کسی شہری یا سیاسی کارکن کے خلاف کوئی قانونی معاملہ موجود ہے تو اسے عدالتوں اور قانون کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق حل کیا جائے، نہ کہ رات کی تاریکی میں چھاپوں اور اہل خانہ کو ہراساں کرنے کے ذریعے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی عزت و حرمت، چادر و چار دیواری اور بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ ہر شہری اور ریاست کی ذمہ داری ہے۔ کسی بھی سیاسی کارکن کی اہلیہ، بیٹی، بہن یا دیگر خواتین اہل خانہ کو سیاسی اختلاف کی بنیاد پر نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک طرزِ عمل ہے۔ بلوچستان کے عوام ایسے واقعات کو خاموشی سے قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں سیاسی کارکنوں کو طویل عرصے سے مختلف نوعیت کے دباؤ، مقدمات، گرفتاریوں اور سیاسی سرگرمیوں میں رکاوٹوں کا سامنا رہا ہے، لیکن اس کے باوجود سیاسی قوتیں اپنے جمہوری اور آئینی حقوق کی جدوجہد سے دستبردار نہیں ہوئیں۔ طاقت کے ذریعے سیاسی آوازوں کو دبانے کے بجائے حکمرانوں اور ریاستی اداروں کو سیاسی قوتوں کے ساتھ بامعنی مکالمے کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ غلام نبی مری نے کہا کہ بلوچستان کے موجودہ حالات اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ حکومت اور ریاستی ادارے مزید محاذ آرائی کے بجائے اعتماد سازی کے اقدامات کریں۔ سیاسی کارکنوں کے خلاف کارروائیوں، غیر ضروری گرفتاریوں اور خواتین و بچوں کو ہراساں کرنے کے واقعات سے عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کا بحران مزید گہرا ہوتا ہے۔ انہوں نے کامریڈ میر جمعہ خان تیماری کے اہل خانہ کی باحفاظت واپسی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بازیابی پر اہل خانہ کو مبارکباد ضرور پیش کرتے ہیں، لیکن بنیادی سوالات اپنی جگہ موجود ہیں کہ خواتین کو کس بنیاد پر گرفتار کیا گیا، انہیں کن حالات میں رکھا گیا اور ایسے واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں اس کے لیے کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ خواتین سیاسی کارکنوں اور سیاسی رہنماؤں کے اہل خانہ کے خلاف کسی بھی قسم کی غیر قانونی یا غیر آئینی کارروائی کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے، تمام شہریوں کو آئین کے تحت حاصل بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں اور سیاسی کارکنوں کو اپنی سیاسی سرگرمیاں پرامن اور جمہوری انداز میں جاری رکھنے کی مکمل آزادی دی جائے۔ آخر میں غلام نبی مری نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی اپنے سیاسی، جمہوری اور آئینی حقوق کی جدوجہد سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوگی۔ پارٹی بلوچستان کے عوام، سیاسی کارکنوں، خواتین اور نوجوانوں کے حقوق کے لیے ہر جمہوری و آئینی فورم پر اپنی آواز بلند کرتی رہے گی اور کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی کے خلاف پرامن جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 10

۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ غیر ملکی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی۔ دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کا عزم قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم پاکستان دشمن دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائے جائیں گے۔ ملک کے امن و استحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل قدر ہیں۔

بقیہ 11

اندر مختلف روٹس پر چلنے والی مسافر بس سروسز کی معطلی کے حوالے سے کوئی نوٹیفکیشن یا ہدایات جاری نہیں کی گئیں۔ سیکرٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان نے واضح کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی مذکورہ پوسٹ میں بلوچستان صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا نام، لوگو اور دیگر سرکاری علامات استعمال کی گئی ہیں، تاہم اس پوسٹ کا صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں۔ اتھارٹی نے عوام الناس، مسافروں اور ٹرانسپورٹرز سے اپیل کی ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی غیر مصدقہ اطلاعات پر یقین نہ کریں اور ایسی خبروں کو آگے شیئر کرنے سے گریز کریں

بقیہ 12

اکبر علی مزارزئی ڈپٹی کمشنر خضدار کے ایڈمن آفیسر محمد مراد گزوزئی اور دیگر افسران کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں پودے لگائے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ ضلع خضدار میں پہلی بار جیو ٹیگنگ کے ساتھ شجر کاری کا آغاز کیا گیا ہے، جس کے تحت پودوں کی تصاویر اور کوآرڈینیٹس گوگل ارتھ پر فراہم کیے جائیں گے تاکہ ان کی دیکھ بھال اور افزائش کو شفاف اور جدید انداز میں مانیٹر کیا جا سکے اس مقصد کے لیے ایک موبائل ایپلیکیشن بھی جلد متعارف کرائی جا رہی ہے، جس میں پودے لگانے کی تاریخ، مقام اور مانیٹرنگ سے متعلقہ معلومات اپ ڈیٹ کی جائیں گی۔ عوامی حلقوں نے جیوٹیگنگ اور گوگل ارتھ کے ذریعے شجرکاری کی مانیٹرنگ کو ایک انقلابی قدم قرار دیا اور کہا کہ یہ اقدام شجر کاری مہم کی شفافیت اور پائیداری کو یقینی بنانے میں سنگ میل ثابت ہوگا

بقیہ 13

ہوا ہے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران موٹر سائیکل چھیننے کے وارداتوں میں ایک شخص قتل جبکہ ایک نوجوان شدید زخمی ہوا ہے۔

بقیہ 14

ڈیز برآمد کر کے موقع پر ہی تباہ کر دیں علاقے میں موجود مزید خطرات کے خاتمے کے لیے فوری طور پر سینیٹائزیشن آپریشن بھی کیا گیا عزم استحکام کے وژن کے تحت غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کے خاتمے تک سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی وفاقی ایپکس کمیٹی برائے نیشنل ایکشن پلان کی منظوری سے جاری عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 15

میچ کے مہمان خاص اسپورٹس تمپ جناب ادیب مراد صاحب تھے۔ دیگر مہمان گرامی میں منیجر زرعی بینک تربت جناب نصیر فقیر صاحب ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس مکران ڈویژن جناب غفار یوسف صاحب بھی گراونڈ پہ موجود تھے۔ درین اثنا جشن آزادی کی مناسبت سے فٹسال میچ کے بعد بوری دوڑ اور میوزیکل چیئر کے بھی مقابلے ہوئے جنہیں کھیل سے وابستہ شائقین نے جوش و خروش کے ساتھ دیکھا۔ میچ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

بقیہ 16

شہر میں عدم موجودگی اور یوم آزادی کی تقریبات کی تیاریوں کی وجہ سے ملتوی کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ اس وقت گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل بیرون ملک دورے پر ہے جبکہ اسپیکر بلوچستان کیپٹن عبدالخالق اچکزئی بیٹے کی بیماری کی وجہ سے کراچی جبکہ میر سلیم خان کھوسہ نوابزادہ میر زرین خان مگسی شیخ زرک خان مندوخیل کی کوئٹہ میں عدم موجودگی اور اپنے حلقہ انتخاب میں یوم آزادی کی تقریبات کی تیاریوں میں مصروفیات کی وجہ سے اجلاس ملتوی کیا گیا ہیں نے تاریخ کا شیڈول جلد جاری کیا جائیگا

بقیہ 17

کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں بسنے والے تمام لوگ اسلامی و آئینی حقوق رکھتے ہیں۔ قیام پاکستان سے قبل بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح نے بھی اسلامی ریاست کا تصور پیش کرتے ہوئے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی مکمل یقین دہانی کرائی تھی۔ قیام پاکستان کے بعد وزیر اعظم لیاقت علی خان نے جو پہلی کابینہ بنائی اس میں ایک ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والے شخص جوگندر ناتھ منڈل کو وزیر قانون بنا کر عزت سے نوازا گیا۔ پھر 1950 میں شہید ملت لیاقت علی خان انڈیا گئے تو دونوں ممالک کے درمیان اقلیتوں کے تحفظ کے لیے لیاقت نہرو پیکٹ دستخط کر کے آئے۔ اسی طرح مسلم لیگ کے تیار کردہ 1956 کے آئین میں اقلیتوں کے جان و مال کے تحفظ اور مذہبی احترام اور فلاح و بہبود کے لئے کئی دفعات رکھی گئی اور اقلیتوں کے جان و مال عزت و آبرو کو مکمل تحفظ فراہم کیا گیا۔ پاکستان میں موجودہ آئین 1973 میں بھی اقلیتوں کو برابر کے شہری حقوق حاصل ہے اور ان کے استحصال کو روکنے کے لیے ہر طرح کے امتیازات کا خاتمہ کیا گیا ہے اسی طرح اسلامی شریعت میں بھی اقلیتوں کے تحفظ کو ریاست کی ذمہ داری بتایا گیا ہے اور ان کے کسی بھی نقصان پہنچانے سے منع کیا گیا ہے اس لیے یہ ضروری ہے کہ اقلیتوں کے ساتھ زیادتی کی صورت میں سنجیدگی کے ساتھ ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے کوششیں کی جائیں۔

بقیہ 18

موقع پر شرکا نے اپنے علاقوں سے متعلق مسائل اور عوامی ضروریات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔ حاجی علی مدد جتک نے ملاقات کے دوران عوامی مسائل اور تجاویز کو توجہ سے سنا اور یقین دلایا کہ عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا بروقت حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام سے مسلسل رابطہ رکھا جا رہا ہے تاکہ ان کے مسائل براہ راست معلوم کر کے متعلقہ اداروں کے ذریعے ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کے مسائل کو ایوان اور متعلقہ حکام تک پہنچانا اور ان کے حل کے لیے عملی کردار ادا کرنا ہے۔ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور شہری مسائل کے ازالے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ حلقہ انتخاب کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے گا جبکہ عوامی ضروریات اور ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر ملاقات کے لیے آنے والے افراد نے حاجی علی مدد جتک کی جانب سے عوام سے مسلسل رابطے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا اور مختلف امور پر اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں حلقہ انتخاب کی ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور باہمی تعاون کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 19

گیا تقریب کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر تال عبداللہ مینگل تھے۔ تقریب میں پرنسپل ڈگری کالج تال پروفیسر نزیر احمد موسیانی ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر تال سمیع اللہ قلندرانی، ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول تال جناب محمد حنیف مینگل اور دیگر انجمن تاجران کے نمائندے سوشل ورکرز آفیسران طلبا و طالبات موجود تھے۔ تقریب سے مقررین نے 14 اگست یوم آزادی پاکستان کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریب میں کوئز پروگرام میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ پرنسپل ڈگری کالج تال پروفیسر نزیر احمد موسیانی نے مہمان خصوصی کو کالج کی طرف سے اعزازی شیلڈ پیش کی۔ پروگرام کے اختتام پر مہمانوں اور طلباء و طالبات کے لیے چائے پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 20

کے امیدوار کی جانب سے ہائی کورٹ میں دائر درخواست اور عدالتی احکامات کی روشنی میں معاملے کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے سائل کی درخواست پر حقائق کی مکمل جانچ پڑتال اور شفاف تحقیقات کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دے دی، جس کے چیئرمین ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز محمد عظیم ساجدی جبکہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر آباد و عائشہ گلٹی اور پرنسپل گرلز کالج کمیٹی کے ممبران ہوں گے۔ کمیٹی کو ہدایت کی گئی کہ وہ پندرہ روز کے اندر تمام پہلوؤں اور وجوہات کا باریک بینی سے جائزہ لے کر اپنی سفارشات اور تحقیقاتی رپورٹ سی آر سی اجلاس میں پیش کرے۔ اس موقع پر کمشنر صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ عدالتی احکامات پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا اور معاملے کی شفاف و غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں گے۔

بقیہ 21

نے کہا کہ بلدیاتی ادارے عوام کے مسائل کے حل کا بنیادی ذریعہ ہیں، اس لیے بلدیاتی نمائندے اپنے علاقوں کے عوام سے مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں انہوں نے کہا کہ ضلعی کونسل گوادر کی تمام 13 یونین کونسلز میں بلاامتیاز اور یکساں بنیادوں پر ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کر رہی ہے تاکہ ہر علاقے کے عوام کو بنیادی سہولیات، بہتر انفراسٹرکچر اور ترقی کے یکساں مواقع میسر آ سکیں ضلعی چیئرمین کا کہنا تھا کہ مقامی حکومتوں کو بااختیار اور فعال بنا کر ہی عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جا سکتے ہیں۔ ضلعی کونسل عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبہ بندی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہی ہے۔

بقیہ 22

10 گوادر بلوچستان عبدالقیوم چانڈیو کو ڈی آئی جی پولیس لسبیلہ رینج تعینات کیا گیا جبکہ تعیناتی کے منتظر امتیاز احمد خان کو اے آئی جی ٹریننگ سی پی او کوئٹہ، تعیناتی کے منتظر جاوید احمد خان کو ایس ایس پی موٹر ٹرانسپورٹ پولیس بلوچستان کوئٹہ تعینات کیا گیا، ڈی ایس پی بلوچستان کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ بابر مشتاق کا تبادلہ کر کے ایس ڈی پی او ڈیرہ بگٹی کیا گیا، جبکہ تعیناتی کے منتظر محمد یونس مگسی کا تبادلہ کر کے ڈی ایس پی سیکورٹی سینڈک تعینات کیا گیا، کمانڈر اے آر یو کوئٹہ ڈی ایس پی تاج محمد کا تبادلہ کر کے ایس ڈی پی او خاران، تعیناتی کے منتظر محمد اعظم خان کو ایس ڈی پی او سوئی تعینات کیا گیا جبکہ تعیناتی کے منتظر غلام حیدر منجو کو ایس ڈی پی او لونکڈی تعینات کیا گیا اور ان کے پیشرو ایس ڈی پی او لونکڈی محمد اکبر خان کو سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی اسی طرح ایس ڈی پی او خاران محسن رضا کا تبادلہ کر کے ایس ڈی پی او سر خاران تعینات کیا، انسپکٹر ڈسٹرکٹ کوئٹہ عبدالجبار کو ایس ڈی پی او رکنی تعینات کیا اور انسپکٹر ڈسٹرکٹ کوئٹہ محی الدین کو کمانڈر اے آر یو کوئٹہ تعینات کر دیا گیا

بقیہ 23

میں ٹینڈر اوپن کرنے کے موقع پر ٹھیکیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر اسسٹنٹ انجینئر احسان نذیر بھی موجود تھے۔ نثار احمد بگٹی نے کہا کہ سیکرٹری بلدیات رف بلوچ اور ڈی جی لوکل گورنمنٹ ایوب قریشی نے سختی سے ہدایات جاری کی ہیں کہ ٹینڈر رنگ کے عملے کو شفاف بنایا جائے اور آج بلوچستان کے 4 ڈسٹرکٹ چمن، ڈیرہ بگٹی، خاران، قلعہ سیف اللہ میں مختلف کاموں کیلئے ٹھیکیداروں نے ٹینڈر جمع کرائے تھے جنہیں ٹھیکیداروں کی موجودگی میں اوپن کیا گیا ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ کسی بھی ٹھیکیدار کی حق تلفی نہ ہو اور مطلوبہ شرائط پر پورا اترنے والے ٹھیکیداروں کو ترقیاتی کاموں کے آرڈر جاری کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹھیکیداروں کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ٹینڈر ملنے کے بعد کام کے معیار اور اسے بروقت کرنے کیلئے اقدامات کریں تاکہ لوگ شہری ترقیاتی کاموں سے فائدہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری اور ڈی جی لوکل گورنمنٹ کے احکامات کی روشنی میں ترقیاتی کاموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور جو بھی ٹھیکیدار ترقیاتی کاموں میں ناقص میٹریل استعمال کریگا اسکے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر ٹھیکیداروں نے محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے صاف اور شفاف طریقے سے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے ٹینڈر اوپن کرنے پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ رؤف بلوچ، ڈی جی لوکل گورنمنٹ ایوب قریشی اور ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساتھ نثار احمد بگٹی کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 24

سلہ جاری کر دیا گیا ہے 14 اگست 2026 بروز جمع المبارک صبح ٹھیک 8:30 بجے ڈپٹی کمشنر آفس ہرنائی میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب منعقد ہوگی، جس کے بعد صبح 9:10 بجے یوم آزادی کی شاندار ریلی نکالی جائے گی ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے تمام سرکاری دفاتر و لائن ڈیپارٹمنٹس کے آفیسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ مقررہ وقت پر اپنے تمام ذیلی و ماتحت عملے کے ہمراہ پرچم کشائی اور ریلی میں حاضری کو یقینی بنائیں مراسلے میں واضح کیا گیا ہے کہ قومی جذبے اور نظم و ضبط کے ساتھ اس اہم دن کی تقریبات میں شرکت تمام افسران کی ذمہ داری ہے۔ عدم حاضری کی صورت میں متعلقہ شعبہ کے سربراہ کے خلاف قانون کے مطابق سخت ڈسپلنری کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 25

ی ترقی کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے واضح سمت فراہم کرے گی اور پاکستان بھر میں جامع، سستی اور پائیدار رہائشی ترقی کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔ یہ منظوری تقریباً 25 سال بعد عمل میں آئی ہے، کیونکہ ملک کی سابقہ ہاؤسنگ پالیسی 2001 میں منظور کی گئی تھی۔ نیشنل ہاؤسنگ پالیسی 2026 کی منظوری سے ایک جامع قومی فریم ورک کی دیرینہ ضرورت پوری ہوگی، جس کا مقصد ہاؤسنگ اور شہری منصوبہ بندی کی ترقی کے لیے واضح سمت فراہم کرنا ہے۔ یہ پالیسی ہاؤسنگ اور شہری ترقی کو درپیش متنوع اور بدلتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مرتب کی گئی ہے، جبکہ مستقبل کے لیے مربوط، جامع اور پائیدار حکمت عملی فراہم کرتی ہے۔ پالیسی کا بنیادی وژن سب کے لیے مناسب، سستی اور پائیدار رہائش کی فراہمی کو فروغ دینا ہے، جبکہ رہائش کے مواقع، بنیادی سہولیات اور معاون انفراسٹرکچر تک بہتر رسائی کو یقینی بنانا بھی اس کے اہم مقاصد میں شامل ہے۔ نیشنل ہاؤسنگ پالیسی 2026 میں ہاؤسنگ اور شہری ترقی کے شعبے کے اہم پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہوئے نو واضح موضوعات شامل کیے گئے ہیں، جن میں رہائش کے لیے اراضی، ہاؤسنگ فنانس، تعمیراتی خدمات، ٹیکنالوجی اور تعمیراتی مواد، درمیانے اور ثانوی شہروں کی ترقی، کچی آبادیاں اور اسکواٹر سیٹلمنٹس، سستی رہائش، کم آمدنی والے طبقے کے لیے کم لاگت اور دیہی رہائش، جبکہ استعداد کار میں اضافہ اور علم و تجربات کا تبادلہ شامل ہیں۔ پالیسی میں اراضی کی دستیابی، ہاؤسنگ فنانس، تعمیرات اور ٹیکنالوجی، متوازن شہری ترقی، کم آمدنی والے طبقے اور دیہی آبادی کے لیے رہائش، ادارہ جاتی اور قانونی اصلاحات کے ساتھ ساتھ موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت رکھنے والی اور ماحول دوست و پائیدار رہائش کے لیے ایک جامع فریم ورک فراہم کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ اور سیکرٹری، وزارت مکانات و تعمیرات نے پالیسی دستاویز کی تیاری کے لیے وزارت کے پالیسی اینڈ پلاننگ ونگ کی جانب سے کی جانے والی کاوشوں پر ٹیم کو مبارکباد دی۔ انہوں نے ٹیم کی جانب سے کی گئی وسیع پیمانے پر محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ پالیسی کی تشکیل کے عمل میں تمام اہم اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے کی بھرپور کوشش کی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نیشنل ہاؤسنگ پالیسی 2026 کی منظوری وزارت کے لیے ایک اہم کامیابی اور تاریخی سنگِ میل ہے، بالخصوص اس تناظر میں کہ پاکستان تقریباً ایک چوتھائی صدی سے ایک تازہ اور جامع نیشنل ہاؤسنگ پالیسی سے محروم تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پالیسی ملک میں مکانات کی کمی اور شہری ترقی کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے واضح سمت فراہم کرے گی اور پاکستان بھر میں جامع، سستی اور پائیدار رہائشی ترقی کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔ نیشنل ہاؤسنگ پالیسی 2026 کا مسودہ عوامی معلومات اور حوالہ کے لیے وزارت مکانات و تعمیرات کی ویب سائٹ www.mohw.gov.pk پر دستیاب ہے

بقیہ 26

رہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ جدید دور میں انٹرنیٹ روزمرہ زندگی، تعلیم، کاروبار اور سرکاری و نجی امور کے لیے انتہائی ضروری بن چکا ہے، مگر تال میں پرانے نظام کے باعث شہری اس بنیادی سہولت سے پوری طرح مستفید نہیں ہو پا رہے۔ پی ٹی سی ایل حکام سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ تال ایکسچینج کو فوری طور پر اپ گریڈ کیا جائے، جدید ٹیکنالوجی اور اضافی پورٹس کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور نئے صارفین کے لیے کنکشن کھولے جائیں تاکہ شہریوں کو تیز رفتار اور معیاری انٹرنیٹ کی سہولت میسر آ سکے۔

بقیہ 27

کے علاوہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والے ٹریکٹرز اور ٹرالیوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کرنے کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عدالتی احکامات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ برتی جائے۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے شہر میں ٹریفک کی روانی، عوامی راستوں کی بحالی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائیاں مزید مؤثر بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 28

یہ بات انہوں نے گزشتہ روز محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری محمد یونس مینگل، ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحفظ ماحولیات ظہور بلوچ سمیت متعلقہ افسران شریک تھے۔ اجلاس میں مالی سال 2025-26 اور 2026-27 کے محصولات کے اہداف، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سے ڈپٹی ڈائریکٹر کے عہدے پر ترقی کے معاملات، افسران کی حاضری ولوکیشن مانیٹرنگ اور اے آئی ایف آر اے ایم ایس کے نفاذ سمیت محکمہ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے مختلف ڈویژنوں کے ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز سے براہ راست ٹیلی فون پر رابطہ کر کے ان کی جائے تعیناتی، موجودگی، لوکیشن اور متعلقہ ڈویژن واضلاع میں جاری ماحولیاتی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے جائے تعیناتی پر موجود نہ ہونے والے اور فرائض میں غفلت برتنے والے افسران کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ حاضری کے معاملے میں زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ اجلاس میں کوئٹہ کے مختلف ماحولیاتی یونٹس کا ڈیٹا مرتب کرنے کے حوالے سے بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے فلور ملز، صنعتی زون، ہاؤسنگ اسکیمز، ڈیری فارمز، کرش پلانٹس، کمرشل مراکز، پلاسٹک و پولی تھین بیگز استعمال کرنے والے مراکز، اسکریپ گوداموں اور پولٹری فارمز سمیت دیگر مقامات کا مکمل ڈیٹا ایک ہفتے کے اندر مرتب کرنے اور اس مقصد کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والے عناصر کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔ ماحولیات سے متعلق مکمل اور مستند ڈیٹا کی دستیابی سے آلودگی پھیلانے والے صنعتی و تجارتی یونٹس کے خلاف مؤثر اقدامات میں مدد ملے گی۔ انہوں نے افسران سے کہا کہ ماحولیات سے متعلق ذمہ داری محکمہ کی ہے، اللہ تعالیٰ نے جو منصب عطا کیا ہے اسے ملک، صوبے اور عوام کی خدمت کے لیے استعمال کیا جائے۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تمام افسران کو اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور بروقت ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری امور میں کوتاہی اور غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ افسران کو دیے گئے تمام اہداف مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں اور کارکردگی میں واضح بہتری لائی جائے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی کی کارکردگی کا ہر ماہ جائزہ اور پیش رفت کا باقاعدہ اجلاس منعقد کیا جائے گا، جس میں افسران کی جانب سے دیے گئے اہداف اور ان پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 29

سب کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا، آزادی کا پیغام لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ، انسانیت کی خدمت ہمارا مشن ہے، غربت، مہنگائی، بے روزگاری سمیت دیگر مسائل کا حل کلمے کے نظام میں ہے، یوم آزادی اے پی سیز میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین، اقلیتی رہنماؤں نے شرکت کی، مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو، سیکرٹری جنرل سیف اللہ قصوری، نائب صدور حافظ طلحہ سعید، حافظ عبدالرف، جوائنٹ سیکرٹری محمد یعقوب شیخ، جماعت اسلامی کے رہنما ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، حافظ عبدالغفار روپڑی، زبیر احمد ظہیر، ڈپٹی سیکرٹری جنرل خالد نیک گجر، مرکزی ترجمان ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی، مسلم یوتھ لیگ کے صدر تابش قیوم، صدر خیبر پختونخوا رانا محمد اشفاق، صدر پنجاب چوہدری محمد سرور، صدر سندھ فیصل ندیم و دیگر نے لاہور، اسلام آباد، کراچی، قصور، فیصل آباد، شیخوپورہ، ساہیوال، ملتان، چنیوٹ، بہاولپور، گجرات، خانیوال، صوابی، رحیم یار خان، ڈسکہ، چکوال، وہاڑی، ٹوبہ ٹیک سنگھ، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ننکانہ صاحب، سکھر، دیپالپور، ڈیرہ اسماعیل خان، جہلم و دیگر شہروں میں آل پارٹیز کانفرنسز سے خطاب کیا، لاہور اور قصور میں مقامی ہوٹل میں اے پی سی سے صدر مرکزی مسلم لیگ خالد مسعود سندھو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جن مقاصد کے لیے حاصل کیا گیا تھا، وہ نظام نافذ کرنا ہوگا، پاکستان کی آزادی کا پیغام لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے، نظریہ پاکستان ہی بقائے پاکستان ہے، پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ، یہی ہماری منزل ہے، اے پی سی سے محمد یعقوب شیخ، حمید الحسن، عمران بھٹی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان وسائل، معدنیات اور نوجوانوں کی طاقت سے مالا مال ملک ہے، پاکستان کا مقدر بڑے بڑے دعووں سے نہیں، نظام لا الہ الا اللہ سے بدلے گا، فیصل آباد میں آل پارٹیز کانفرنس سے سیکرٹری جنرل مرکزی مسلم لیگ سیف اللہ قصوری، حاجی اکرم انصاری، ڈاکٹر نثار جٹ، خواجہ اسلام، محبوب الزمان، ارشد جٹ، مفتی ضیا مدنی و دیگر نے خطاب کیا، سیف اللہ قصوری کا کہنا تھا کہ مستحکم پاکستان خطے میں امن اور استحکام کے لیے بھی اہم ہے، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون کے معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ساہیوال میں آل پارٹیز کانفرنس سے مرکزی مسلم لیگ کے نائب صدر حافظ طلحہ سعید، قاری اظہار، حذیفہ بخاری، ممتاز بھٹی، اقلیتی رہنما سردار نیدان سنگھ، مسیحی رہنما دلبر جانی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم آزادی پر ہم تحریک پاکستان کے قائدین، شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، پاکستان کی مضبوطی دراصل امت مسلمہ کی مضبوطی ہے، گجرات میں اے پی سی سے مرکزی ترجمان مرکزی مسلم لیگ ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی، سید الطاف الرحمن شاہ، مرزا کاشف بیگ، پیر سید سعید احمد شاہ گجراتی، پیر سید افضال خاموش، سید فخر عباس، سکھ رہنما گلندر سنگھ و دیگر نے خطاب کیا، مرکزی مسلم لیگ اسلام آباد کی جانب سے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں "انٹر فیتھ ہارمونی اور آزادی سیمینار" منعقد کیا گیا۔ سیمینار میں اقلیتوں کے نمائندوں اور عوام نے بھرپور شرکت کی اور بین المذاہب ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے عزم کا اعادہ کیا، ملتان میں اے پی سی سے حافظ عبدالرف، رانا عبدالرحمان، اجمل خان چانڈیہ و دیگر نے خطاب کیا، مرکزی مسلم لیگ ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام آل پارٹیز کانفرنس سے محمد سرور چوہدری، میاں عابد حسین، انجینئر حارث ڈار، رانا محمد ارشد، رائے شاہ جہان بھٹی، چیئرمین پنجابی سکھ سنگت پاکستان سردار گوپال سنگھ چاولہ، مسیحی رہنما عرفاق سردار و دیگر نے شرکت کی، مرکزی مسلم لیگ کراچی کے تحت یوم آزادی مہم کے سلسلے میں ضلع وسطی میں آل پارٹیز کانفرنس میں مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی جماعتوں کے نمائندگان اور معززین علاقہ نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ 30

ی ذریعے کی جانب سے یہ واضح نہیں کیا گیا کہ پنجگور کی مختلف شاہراہیں اور بازار کس مخصوص وجہ سے بند کیے گئے ہیں۔ تاہم بازار جانے والے بعض دکانداروں کے مطابق انہیں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بازار جانے سے روک دیا گیا، جس کے باعث آج پنجگور کے مرکزی چتکان بازار سمیت مختلف علاقوں کے چھوٹے بڑے بازار بھی بند ہیں۔ شاہراہوں کی بندش اور سیکیورٹی اقدامات کے باعث ضلع بھر میں آمد و رفت کا سلسلہ بھی شدید متاثر ہوا ہے اور سڑکوں پر معمول کے مقابلے میں ٹریفک انتہائی کم دکھائی دے رہی ہے۔ واضح رہے کہ اس صورتحال کی اصل وجہ کے حوالے سے تاحال کسی متعلقہ سرکاری ادارے کی جانب سے باضابطہ وضاحت سامنے نہیں آئی ہے۔

بقیہ 31

تب سڑک پر مسلسل پانی بہنے سے جگہ جگہ بڑے بڑے گڑھے پڑ چکے ہیں، جس سے پیدل چلنے والوں شہریوں اور گاڑیوں کی آمد و رفت اور دکانداروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہر سال واٹر چینل کی صفائی اور دیکھ بھال کے لیے محکمہ اریگیشن کو لاکھوں روپے کے فنڈز جاری کیے جاتے ہیں مگر افسوس کہ متعلقہ افسران نے کئی برسوں سے اس اہم واٹر چینل کی صفائی پر کوئی توجہ نہیں دی ہے۔ سالانہ لاکھوں روپے محکمہ کی بدعنوانی اور کرپشن کا ذریعہ بنا دیا جاتا ہے جس کے باعث شہری مسلسل مشکلات سے دوچار ہیں۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ اریگیشن کے متعلقہ حکام فوری طور پر بجوہ ہوٹل سے لیکر تاج محل بیکری تک واٹر چینل کی مکمل صفائی یقینی بنائیں، مٹی کو ہٹا کر پانی کی روانی بحال کریں اور شہریوں کو اس دیرینہ مسئلے اور اذیت سے نجات دلانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات اٹھائیں۔

بقیہ 32

محصور ہو کر رہ گئے ہیں فورسز کے اہلکاروں کو شہر کی سڑکوں پر گشت کرتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔

بقیہ 33

وف سیکورٹی فراہم کی جائے کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں صفائی کے بہتر سے بہتر انتظامات کو یقینی بنایا جائے ملک میں اربوں روپوں فنڈز مختص ہونے کے باوجود سرکاری عمارتوں پر چراغاں کے نام پر خانہ پوری دیکھی جاتی ہے جبکہ بعض اضلاع میں سرے سے چراغاں کا اہتمام ہی نہیں کیا جاتا بلکہ چراغاں کے ملنے والے فنڈز کو ملی بھگت سے کرپشن کی نظر کر دیا جاتا ہے کرپشن کرنے والے ایسے عناصر کے خلاف متعلقہ ادارے سخت سے سخت کارروائی عمل میں لا کر سرکاری فنڈز کو کرپشن سے بچائیں انہوں نے کہا کہ ماہ ربیع الاول کی آمد سے قبل تمام متعلقہ سرکاری ادارے اور تنظیمات اہلسنت انتظامات کو حتمی شکل دیکر عوام اہلسنت کو سہولیات فراہم کریں جبکہ شہر شہر، گلی گلی، محلہ محلہ، گاؤں گاؤں کو مثل دلہن سجانے کیلئے تاریخی چراغاں کیا جائے کیسکو چیف یکم ربیع الاول سے تیس ربیع الاول تک بلوچستان بھر میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان سنی تحریک کے تحت کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں استقبال جشن میلاد ریلیوں اور محافل نعت کے علاوہ سیرت کانفرنسز کا انعقاد کیا جا رہا ہے تنظیمی عہدیداران و عوام اہلسنت استقبال جشن میلاد ریلیوں، محافل نعت اور سیرت کانفرنسز میں بڑھ چڑھ کر باوضو شرکت کریں جبکہ اپنے گھروں، محلوں، گاؤں، دیہاتوں اور شہروں کو میلاد شریف اور سبز سبز پرچموں سے سجاوٹ کر کے اپنی محبت کا والہانہ اظہار کریں کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت ایمان کا بنیادی حصہ ہے جس کے بغیر کوئی مسلمان کامل مومن نہیں بن سکتا ہم اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت کیلئے اپنا تن من دھن سب قربان کر دیں گے اور تاقیامت خون کے آخری قطرے تک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا جشن ولادت مناتے رہیں

بقیہ 34

اور انسداد تجاوزات سیل زون انچارج علی رضا درانی کے زیر نگرانی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم تمام غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا، جبکہ مذکورہ مقام پر موجود ریڑھی بانوں کو میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قائم کردہ ریڑھی بازار منتقل کیا گیا۔ جس کے نتیجے میں ٹریفک کی روانی میں بہتری اور شہریوں کی آمد و رفت میں سہولت پیدا ہوئی۔ ضلعی انتظامیہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز اور مسلسل کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ شہریوں کو صاف، کشادہ اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ شہریوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ سرکاری ہدایات پر عمل کرتے ہوئے تجاوزات کے قیام سے اجتناب کریں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 35

ڈپٹی کمشنر چمن کی ہدایات کے مطابق ضلع چمن میں 14 اگست کی تقریبات کے حوالے سے اپنی تیاریوں، انتظامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں قومی پرچم کشائی، طلبہ کی شرکت، ملی نغموں، تقاریر، ٹیبلو، دیگر قومی سرگرمیوں، صفائی، ٹریفک اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پولیس حکام کو ہدایت کی کہ ضلع چمن کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر جامع تلاشی اور چیکنگ کا سلسلہ مؤثر بنایا جائے، جبکہ 14 اگست تک مختلف مقامات پر اچانک تلاشی، چیکنگ اور نگرانی کا عمل بھی جاری رکھا جائے۔ اس اقدام کا مقصد ضلع میں امن و امان برقرار رکھتے ہوئے یوم آزادی کی تقریبات کو پرامن اور محفوظ ماحول میں یقینی بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع چمن میں 14 اگست کی تمام تقریبات اور انتظامات کو بروقت مکمل کرتے ہوئے قومی دن کو بھرپور جوش و جذبے، نظم و ضبط اور شایانِ شان انداز میں منانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 36

اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ حکمران بلوچستان کے حقیقی مسائل اور عوام کے احساسات کو سمجھنے میں مسلسل ناکام رہے ہیں۔ بلوچستان میں ہزاروں خاندان آج بھی اپنے پیاروں کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ مائیں اپنے بیٹوں، بہنیں اپنے بھائیوں اور بچے اپنے والدین کی واپسی کے منتظر ہیں۔ ایسے حالات میں لاپتہ افراد کی قبرستانوں اور ان کے خاندانوں کے دکھ کو ہی مشکوک قرار دینا ان خاندانوں کی دہائیوں پر محیط اذیت کی توہین اور بلوچ عوام کے زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے۔ حکمرانوں کو یہ بات سمجھنا ہوگی کہ آج بلوچستان جس سنگین سیاسی، سماجی اور انسانی بحران سے دوچار ہے، وہ کسی ایک دن یا ایک واقعے کا نتیجہ نہیں بلکہ حکمرانوں کے مسلسل غیر ذمہ دارانہ رویے، طاقت کے استعمال، سیاسی و جمہوری آوازوں کو نظرانداز کرنے اور عوام کے بنیادی مسائل سے چشم پوشی کا نتیجہ ہے۔ جبری گمشدگیوں جیسے سنگین مسئلے سے انکار کرنے کے بجائے اسے سنجیدگی سے حل کرنے کی ضرورت ہے۔ حکمرانوں کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ طاقت کے ذریعے آوازیں دبائی جا سکتی ہیں، لیکن عوام کے احساس محرومی، دکھ اور سوالات کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔ بلوچستان کے حالات کو مزید خرابی کی طرف لے جانے کی ذمہ داری ان قوتوں پر عائد ہوتی ہے جو عوام کے حقیقی مسائل کا سیاسی اور جمہوری حل تلاش کرنے کے بجائے انکار، الزام تراشی اور غیر ذمہ دارانہ بیانات کا راستہ اختیار کرتی ہیں۔ بی این پی ان وزرا کے پس پردہ سرپرستوں سے سوال کرتی ہے کہ اگر لاپتہ افراد کا مسئلہ محض قبرستانوں کا معاملہ ہے تو ان ہزاروں خاندانوں کے دکھ اور برسوں سے جاری انتظار کو کس کھاتے میں شمار کیا جائے؟ کیا ان ماں کی فریادیں، بہنوں کے احتجاج اور خاندانوں کی مسلسل جدوجہد بھی جھوٹ ہے؟ حکومت اور حکمران طبقہ حقائق سے نظریں چرا کر تاریخ اور عوام دونوں کو دھوکا نہیں دے سکتے۔ بیان میں کہا گیا کہ لاپتہ افراد کے مسئلے کو سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے انسانی، آئینی اور قانونی مسئلے کے طور پر حل کیا جائے۔ تمام لاپتہ افراد کو بازیاب کر کے ان کے اہل خانہ کو آگاہ کیا جائے اور اگر کسی شخص کے خلاف کوئی مقدمہ یا الزام موجود ہے تو اسے قانون کے مطابق عدالت میں پیش کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان کے سلگتے ہوئے حالات کو مزید غیر ذمہ دارانہ بیانات اور حقائق کے انکار سے خراب کرنے کے بجائے حکمران سنجیدگی، تدبر اور سیاسی بصیرت کا مظاہرہ کریں۔ بلوچستان کے عوام کو انکار نہیں، انصاف چاہیے، دعوے نہیں، عملی اقدامات چاہیے اور سب سے بڑھ کر اپنے پیاروں کی سلامتی اور واپسی کی ضمانت چاہیے۔

بقیہ 37

ن میر سرفراز احمد بگٹی نے سرینہ ہوٹل کوئٹہ میں کیا جشن آزادی کے سلسلے میں منعقد ہونے والی اس خصوصی ثقافتی سرگرمی کا مقصد قومی جذبے کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اسلامی فنون لطیفہ، خطاطی اور بلوچستان کی ثقافتی و تخلیقی روایت کو فروغ دینا اور نوجوان نسل کو مثبت فکر، امن، محبت، رواداری اور احترام انسانیت کے پیغام سے روشناس کراتا ہے نمائش میں اسلامی خطاطی کے مختلف اسالیب میں تخلیق کیے گئے 27 منتخب فن پارے پیش کیے گئے ہیں، جن میں سونے کے ورق سے مزین قرآن کریم کی آیات کو خصوصی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ ان فن پاروں میں محبت، اخوت، رواداری، امن، احترام انسانیت اور باہمی خیر خواہی جیسے عالمگیر انسانی اقدار کو نمایاں کیا گیا ہے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے نمائش کا دورہ کیا مختلف فن پاروں کا مشاہدہ کیا اور واصل شاہد کی فنی کاوش کو سراہا نامور خطاط واصل شاہد نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خطاطی میرے لیے صرف حروف کو خوبصورتی سے تخلیق کرنے کا فن نہیں بلکہ شعور سے روح تک کا ایک سفر ہے۔ بالخصوص قرآن کریم کی آیات جب فن پارے اور شاہکار کی صورت اختیار کرتی ہیں تو خطاط کے سامنے صرف جمالیات کا سوال نہیں رہتا بلکہ وہ ایک عظیم پیغام کی ترجمانی کی ذمہ داری بھی محسوس کرتا ہے۔ میری کوشش ہے کہ فن کے ذریعے نوجوانوں کو تخلیق، امن، محبت اور مثبت فکر کی طرف متوجہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اپنی قدیم تہذیبی روایات، ثقافتی تنوع اور تخلیقی صلاحیتوں کے اعتبار سے ایک غیر معمولی خطہ ہے۔ فنون لطیفہ، ادب، موسیقی، خطاطی اور دیگر ثقافتی سرگرمیاں معاشرے میں مکالمے، برداشت اور باہمی احترام کی فضا پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں محکمہ ثقافت، حکومت بلوچستان کے مطابق جشن آزادی کے سلسلے میں صوبے بھر میں مختلف ثقافتی، ادبی اور فنون لطیفہ سے متعلق سرگرمیوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جن کا مقصد قومی یکجہتی، ثقافتی ہم آہنگی، تخلیقی صلاحیتوں اور بلوچستان کے متنوع ثقافتی تشخص کو اجاگر کرنا ہے محکمہ ثقافت نے کہا کہ رسول الرحمہ ﷺ نمائش اسی سلسلے کی ایک اہم ثقافتی سرگرمی ہے، جس کے ذریعے اسلامی خطاطی کے فن کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ قرآن کریم کے پیغام رحمت، امن، محبت اور انسانیت کو فن کے خوبصورت انداز میں عوام تک پہنچانے کی کوشش کی گئی ہے محکمہ ثقافت نے نمائش کے انعقاد میں تعاون پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی، خطاط واصل شاہد اور سرینہ ہوٹل کوئٹہ کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ ایسی ثقافتی سرگرمیاں بلوچستان میں فنون لطیفہ کے فروغ، نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی اور معاشرے میں امن و رواداری کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کریں گی رسول الرحمہ ﷺ کے عنوان سے یہ خصوصی اسلامی خطاطی

بقیہ 38

سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان باہمی دفاعی معاہدہ خطے میں امن، استحکام اور امت مسلمہ کے مشترکہ دفاع کے حوالے سے ایک تاریخی پیشرفت ہے یہ دفاعی معاہدہ کسی ملک کے خلاف جارحانہ اقدام نہیں بلکہ مشترکہ سلامتی اور دفاعی تعاون کے عزم کا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں اور یہ معاہدہ ان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا عملی اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی دفاعی صلاحیت، سعودی عرب اپنی معاشی و علاقائی اہمیت جبکہ ترکیہ اپنی مضبوط دفاعی صنعت اور عسکری تجربے کے باعث ایک دوسرے کے لیے اہم شراکت دار ہیں مکہ مکرمہ میں معاہدے پر دستخط اس امر کی علامت ہیں کہ تینوں ممالک کے تعلقات محض سیاسی نہیں بلکہ گہرے مذہبی اور برادرانہ جذبات پر بھی استوار ہیں انہوں نے کہا کہ تینوں ممالک کا باہمی اتحاد اور تعاون خطے میں امن، استحکام اور ترقی کے نئے باب کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ مل کر خطے کے امن و استحکام کے لیے مؤثر کردار ادا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس معاہدے سے تینوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے اور دفاع، سلامتی اور باہمی تعاون کے شعبوں میں مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔ انہوں نے دفاعی معاہدے پر وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مبارکباد پیش کی۔

بقیہ 39

مذمت ہے یہ سب اداروں و حکومت کے مظالم سیکورٹی فورسز کی ناکامی کی وجہ سے ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ 3 جولائی کو پانوان، جیونی میں پیش آنے والے حملے میں سیکیورٹی اہلکاروں کی ہلاکت پر ہمیں افسوس ہے اور ہم نے اس واقعے کی مذمت بھی کی تھی۔ تاہم اس واقعے کو ایک ماہ سے زائد عرصہ گزر چکا ہے، لیکن اس کے باوجود جیونی کی مین شاہراہ تاحال بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہ کی مسلسل بندش نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ مریضوں کو علاج کے لیے گوادر اور دیگر علاقوں تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ روزمرہ ضروریات کے لیے سفر کرنے والے شہری بھی شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے بارہا کہا جاتا ہے کہ مین شاہراہیں بند نہیں کی جائیں گی، لیکن زمینی صورتحال اس کے برعکس ہے اور جیونی کی مین شاہراہ اب بھی بند ہے۔ انہوں نے بطور عوامی نمائندہ واضح کرتے ہوئے کہا کہ مین شاہراہوں کو طویل عرصے تک بند رکھنا عوام کے مفاد میں نہیں۔ جو لوگ شاہراہیں بند کر کے عوام کو مشکلات میں مبتلا کر رہے ہیں، وہ ملک اور عوام کے خیر خواہ نہیں بلکہ حالات کو مزید خرابی کی طرف لے جانے کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ وہ 14 اگست تک سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر صورتحال کو برداشت کریں گے، تاہم اگر اس کے چوبیس گھنٹے بعد بھی جیونی کی مین شاہراہ بند رہی تو وہ بطور عوامی نمائندہ عوام کے ساتھ مل کر پانوان کے مقام پر جیونی شاہراہ پر دھرنا دیں گے۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ شہریوں کی مشکلات کا فوری نوٹس لیا جائے، جیونی کی مین شاہراہ کو کھولی جائے اور عوام کو آزادانہ اور محفوظ آمد و رفت کی سہولت فراہم کی جائے۔

بقیہ 40

یار شیرانی، سینئر پبلک ہیلتھ اسپیشلسٹ شوکت علی بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر انیلا خیر، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر جہانگیر، ڈاکٹر جان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلعی سطح کے شراکت دار اداروں، محکمہ صحت کے افسران، پرونشل پروگرامز، عالمی ادارہ صحت (WHO)، یونیسیف، مختلف آئی این جی اوز اور این جی اوز کے نمائندوں نے بھی شرکت کی

مریضوں اور ضرورت مند افراد کو آمدورفت میں شدید دشواری کا سامنا ہے، رکن بلوچستان اسمبلی کی گفتگو

شاہراہ کی بندش سے شہری شدید اذیت اور مشکلات کا شکار ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

بلاوجہ شاہراہ بند کرنا شاہراہوں پر لوٹ مار کرنا، ٹرکوں کو جلانا کرنا بے گناہ لاتعلق افراد کو تنگ کرنا قابل مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے وقائد حق دو تحریک گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ شاہراہ کی بندش سے شہری شدید اذیت اور مشکلات کا شکار ہیں، خصوصاً مریضوں اور ضرورت مند افراد کو آمدورفت میں شدید دشواری کا سامنا ہے۔ گوادر سمیت کسی جگہ کسی کی جانب سے بلاوجہ شاہراہ بند کرنا شاہراہوں پر لوٹ مار کرنا، ٹرکوں کو جلانا کرنا بے گناہ لاتعلق افراد کو تنگ کرنا قابل (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

مون سون اور ممکنہ سیلابی صورتحال، محکمہ صحت کا ہنگامی پلان تیار کرنے کا فیصلہ

محکمہ صحت میں مون سون کی تیاریوں اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اجلاس

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت اور ڈائریکٹر جنرل محکمہ صحت کی ہدایات پر محکمہ صحت میں مون سون کی تیاریوں اور ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبے کے 8 اضلاع میں مون سون کے حالیہ اسپیل اور 15 اگست تک جاری رہنے والے موسمی الرٹ کے پیش نظر محکمہ صحت کی تیاریوں اور ہنگامی ردعمل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر پروٹو ڈاکٹر آصف شاہوانی نے کی، جبکہ پروجیکٹ ڈائریکٹر وی ڈی ڈاکٹر بدر، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر اسفند (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

سرینا ہوٹل کوئٹہ میں "رسول الرحمتﷺ" خطاطی نمائش کا افتتاح، 27 منفرد اسلامی فن پارے نمائش کیلئے پیش

کوئٹہ (آن لائن) جشن آزادی پاکستان 2026 کی تقریبات کے سلسلے میں محکمہ ثقافت، حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام پاکستان کے نامور خطاط واصل شاہد کے تخلیق کردہ اسلامی خطاطی کے منفرد فن پاروں پر مشتمل خصوصی نمائش رسول الرحمتﷺ کا افتتاح وزیراعلیٰ بلوچستا (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات دہائیوں پر محیط ہیں، زرین مگسی

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں طے پانے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم ہیں

ترکیہ اپنی مضبوط دفاعی صنعت اور عسکری تجربے کے باعث ایک دوسرے کے لیے اہم شراکت دار ہیں، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری کلچر اینڈ ٹورازم، لا اینڈ پارلیمنٹری افیئرز نوابزادہ محمد زرین خان مگسی نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں طے پانے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے تینوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے اعتماد، باہمی تعاون اور مشترکہ سلامتی کے عزم کا مظہر قرار دیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں پاکستان (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسرز کے پرفارمنس انڈیکیٹرز (KPIs) سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ضلع خضدار میں پہلی بار جیو ٹیگنگ کے ساتھ شجر کاری کا آغاز

ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے باضابطہ افتتاح کردیا

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں پودا لگا کر مون سون شجر کاری مہم کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل فارسٹ افیسر اویس اکبر زہری اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر وڈھ اکبر علی مزار زئی ڈپٹی کمشنر کے ایڈمن افسر مراد گزو و دیگر افسران نے بھی شجرکاری مہم میں حصہ لیا۔ تقریب میں ڈویژنل فارسٹ افیسر اویس اکبر زہری اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر وڈھ (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

نوشکی، جمال آباد سے گن پوائنٹ پر مسلح چور موٹر سائیکل چھین کر فرار

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی، جمال آباد سے گن پوائنٹ پر مسلح چوروں نے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے نوشکی میں موٹر سائیکل چھیننے کی واردات میں تشویشناک حد تک اضافہ (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

صدر زرداری کا پنجگور میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پنجگور میں فتنہ الہندوستان کے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اس پوسٹ کی سختی سے تردید

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اس پوسٹ کی سختی سے تردید کی ہے۔ جس میں بین الصوبائی بس سروسز سمیت کوئٹہ سے کراچی اور دیگر روٹس، جبکہ صوبے کے مختلف اضلاع کے درمیان چلنے والی مسافر بس سروسز کو 16 اگست تک معطل کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان کے دفتر سے جاری وضاحتی بیان کے مطابق اتھارٹی کی جانب سے بین الصوبائی بس سروسز یا صوبے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

دہشتگردی کے خاتمے تک سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی

پنجگور میں سیکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن، فتنہ الہندوستان کے 5 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور آئی ای ڈیز برآمد کر کے موقع پر ہی تباہ کردیں، آئی ایس پی آر

پنجگور (آن لائن) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائی کی آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ آپریشن کا مقصد بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے پراکسیز کا خاتمہ اور خطے میں پائیدار امن کا قیام ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور آئی ای (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

جشن آزادی فٹسال ٹورنامنٹ سنسنی خیز فائنل میچ

تربت (آن لائن) جشن آزادی فٹسال ٹورنامنٹ سنسنی خیز فائنل میچ پولیس اکیڈمی اور شہید محسن تربت کے مابین کیچ اسٹیڈیم ایئرپورٹ روڈ کے مقام پر کھیلا گیا۔ اس دوران شہید محسن تربت نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے 3 کے مقابلے 4 گول سے میچ جیت لیا۔ فائنل (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

اسلام آباد، مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد سے پاکستان بزنس کونسل کی قیادت ملاقات کر رہی ہے

کوئٹہ، پاکستان مسلم لیگ کے پارلیمانی آرگنائزنگ کمیٹی کا خصوصی اجلاس ملتوی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کے ایک اعلامیہ کے مطابق پارلیمانی آرگنائزنگ کمیٹی کا خصوصی اجلاس جو بروز 13 اگست کو اسپیکر چیمبر صوبائی اسمبلی میں طلب کیا گیا تھا اجلاس میں ممبران کی کوئٹہ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

اسلام اور آئین پاکستان نے اقلیتوں کو ان کے مکمل حقوق دیے ہیں

اور مکہ معاہدہ امن، سلامتی اور استحکام کا ضامن ہے ڈاکٹر قاری عبدالرشید

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرس البنات بلوچستان وممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے اقلیتوں کے قومی دن 11 اگست کے موقع پر تقریب سے خطاب (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

حلقہ انتخاب کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے جاری اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے گا، صوبائی وزیر کی بات چیت

عوامی مسائل کا بروقت حل اولین ترجیحات میں شامل ہے، علی مدد جتک

حاجی علی مدد جتک کی جانب سے عوام سے مسلسل رابطے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے جتک ہاؤس، آصف آباد میں حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے دوست احباب، عمائدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، حلقہ انتخاب کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوام کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

14 اگست یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں گورنمنٹ ڈگری کالج ہال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد

خضدار (خ ن) 14 اگست یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں گورنمنٹ ڈگری کالج ہال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

کمشنر نصیر آباد کی سربراہی میں جعفر آباد کے سی آر سی کا اجلاس

جائزہ لے کر اپنی سفارشات اور تحقیقاتی رپورٹ سی آر سی اجلاس میں پیش کرے

نصیر آباد (خ ن) نصیر آباد ڈویژن میں سی آر سی کا اجلاس، عدالتی احکامات کی روشنی میں کمیٹی تشکیل کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں جعفر آباد کے سی آر سی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز محمد عظیم ساجدی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر آباد عائشہ مگسی سمیت کمیٹی کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع جعفر آباد (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ڈی آئی جی پولیس کوسٹل ہائی وے (این) (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ضلعی چیئرمین گوادر شے مختار بلوچ سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ملاقات

گوادر (خ ن) ضلعی چیئرمین گوادر شے مختار بلوچ سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی اور اپنے مسائل و تجاویز پیش کیں۔ ضلعی چیئرمین نے متعلقہ حکام اور بلدیاتی اداروں کو متعدد مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایات جاری کیں، جبکہ کئی مسائل پر موقع پر ہی پیش رفت عمل میں لائی گئی اس موقع پر ضلعی چیئرمین (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے پاکستان بزنس کونسل کے نو منتخب چیئرمین زاہد بشیر ملاقات کر رہے ہیں

کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے نمایاں پیش رفت

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان سرمایہ بورڈ کے زیر اہتمام قائم کیے گئے

سرمایہ کاروں کی ذریعہ کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے اپنا کردار موثر انداز میں ادا کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان سرمایہ بورڈ کے زیر اہتمام قائم کیے گئے بزنس فیسلیٹیشن سینٹر (BFC) نے اپنے قیام کے بعد ابتدائی چھ ماہ کے دوران کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے نمایاں پیش رفت کی ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ چھ ماہ کے دورا (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

سردار اختر مینگل کے گھر پر چھاپہ کی مذمت کرتے ہیں، اویس جدون

قومی لیڈروں کے گھروں پر چھاپے غیر جمہوری اقدام ہے، بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین پی آئی ٹی ٹی اویس جدون نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے، ہم سردار اختر مینگل کے گھر پر چھاپہ کی مذمت کرتے ہیں اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈوں سے قومی لیڈروں کو دبایا نہیں جاسکتا حقوق کیلئے آواز اٹھانا اس حکومت میں جرم بن (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

خواتین سیاسی کارکنوں کی اغوا نما گرفتاریوں کا سلسلہ فوری بند کیا جائے، بی این پی

سیاسی اختلاف کو طاقت کے ذریعے دبانا جمہوری اصولوں کے منافی ہے: غلام نبی مری

چادر و چار دیواری اور بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ ہر شہری اور ریاست کی ذمہ داری ہے، بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری، پارٹی یونٹ سیکرٹری نذیر احمد رخشانی اور ضلعی کونسلر شبیر احمد رخشانی نے پارٹی کے فکری، نظریاتی اور سیاسی ساتھی کامریڈ میر جمعہ خان نیچاری کی رہائش گاہ پر جا کر ان کی اہلیہ، صاحبزادی اور بھتیجی کی باحفاظت بازیابی پر انہیں مبارکباد پیش کی اور اس موقع پر اہل خانہ سے اظہار یکجہتی کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مرکزی رہنما غلام نبی مری نے کہا کہ کامریڈ میر جمعہ خان نیچاری کے اہل خانہ، خصوصاً خواتین کی گرفتاری اور بعد ازاں باحفاظت بازیابی ایک (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

اسے جدید ٹیکنالوجی، مشینری، تحقیق اور مقامی پیداوار کے جامع منصوبے میں تبدیل کیا جانا چاہیے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

مویشی پالنے کے شعبے میں تعاون خصوصی اہمیت رکھتا ہے، سینیٹر عبدالقادر

پاکستان میں فی ایکڑ پیداوار بڑھانے، فصلوں کے نقصانات کم کرنے اور پیداواری لاگت گھٹانے میں مدد مل سکتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان اور روس کے درمیان زرعی تعاون کو محض زرعی اجناس کی تجارت تک محدود رکھنے کے بجائے اسے جدید ٹیکنالوجی، مشینری، تحقیق اور مقامی پیداوار کے جامع منصوبے میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ روسی جدید ٹریکٹرز، ہارویسٹرز، بیج بونے اور آبپاشی کی مشینری کے استعمال (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ہمارے علاقوں کو بدستور تحصیل کوہلو کا حصہ رہنے دیا جائے، عبدالشکور مری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالشکور مری نے کہا ہے کہ غربی، شرقی گرسنی کے مری علاقوں کو مجوزہ ضلع دکی کے علاقوں کو ضلع کوہلو میں شامل کرنے اور پھر مری علاقہ غربی شرقی گرسنی کو تحصیل کوہلو سے نکال کر زرکوانا سب ڈویژن کے انتظامی (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

پاکستان لاکھوں مسلمانوں کی لازوال قربانیوں، عزم اور جدوجہد کے نتیجے میں حاصل ہوا، طلحہ علی

جشن آزادی کے سلسلے میں اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کوہلو میں شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد

کوہلو (خ ن) جشن آزادی کے سلسلے میں اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کوہلو میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل نصیر احمد تھے۔ تقریب میں ملی جذبے حب الوطنی اور قومی یکجہتی کا بھرپور اظہار کیا گیا تقریب میں ونگ کمانڈر طلحہ علی خان، پی اے کمانڈنٹ میوند بریگیڈ شاہد توکانی، ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری، اقرا پبلک گرائمر ہائی سکول کے بانی میر باز محمد مری، قبائلی رہنما ڈاکٹر خالد مری، حاجی میر بہار خان مری، میر ایوب خان مری، میر احمد نواز، میر شاہجان مری، سیکرٹری جماعت تعلیمی پروگرام (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

فارم 47 کے حکمرانوں کی وجہ سے بلوچستان تباہی کے دہانے تک پہنچ چکا ہے، بی این پی

غیر ذمہ دارانہ، غیر سنجیدہ اور حقائق کے منافی بیان کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے، مرکزی بیان

مائیں اپنے بیٹوں، بہنیں اپنے بھائیوں اور بچے اپنے والدین کی واپسی کے منتظر ہیں اپنے پیاروں کی راہ دیکھ رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز کے مذمتی بیان میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے حکمران جعلی وزیراعلیٰ اور وزرا کی وجہ سے بلوچستان تباہی کے دہانے تک پہنچ چکا ہے لاپتہ افراد سے متعلق دیے گئے غیر ذمہ دارانہ، غیر سنجیدہ اور حقائق کے منافی بیان کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ ایسے حساس اور انسانی مسئلے کو محض سیاسی بیان بازی کے ذریعے جھٹلانے کی کوشش نہ صرف قابل افسوس ہے بلکہ (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

گوادر کو سبز ہلالی پرچموں، برقی قمقموں اور خوبصورت رنگ برنگی روشنیوں سے سجانے کا سلسلہ بھرپور انداز میں جاری

گوادر (خ ن) جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں ضلع گوادر کو سبز ہلالی پرچموں، برقی قمقموں اور خوبصورت رنگ برنگی (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت اجلاس

شایان شان انداز میں منانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت یوم آزادی پاکستان، 14 اگست کی تقریبات کی تیاریوں اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلعی سطح کے افسران، مختلف محکموں کے سربراہان اور ضلع چمن کے مختلف اسکولوں کے اساتذہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں اور تعلیمی اداروں کے نمائندگان نے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار امین اللہ کی بیوی کا 8 سال سے بلاک شناختی کارڈ 5 ماہ میں کھلوا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار امین اللہ نے بتایا کہ ان کی بیوی بی بی رحیمہ کا شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے پچھلے 8 سال سے بلاک کر دیا گیا تھا۔ جس کی بحالی کے لیے انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

انتظامیہ کی جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف موثر کارروائی

تجاوزات کے قیام سے اجتناب کریں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کو یقینی بنائیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے کوئٹہ کو ایک صاف، منظم اور تجاوزات سے پاک شہر بنانے کے وژن کی روشنی اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی گئی یہ کارروائی اسپیشل مجسٹریٹ ضلعی انتظامیہ اعجاز کھوسو (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

ضلع سیوی کو سبز ہلالی پرچموں، برقی قمقموں اور رنگ برنگی روشنیوں سے سجانے کا سلسلہ جاری

سیوی (خ ن) جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں ضلع سیوی کو سبز ہلالی پرچموں، برقی قمقموں اور رنگ برنگی روشنیوں سے سجانے کا سلسلہ جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ سیوی کی جانب سے 14 اگست کے حوالے سے مختلف تقریبات کی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت ایمان کا بنیادی حصہ ہے، خان محمد جتک

حضور کا جشن ولادت بڑی مذہبی عقیدت واحترام اور جوش و جذبے سے منایا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری خان محمد جتک نے استقبال جشن میلاد و ریلیوں اور محافل کے انعقاد بارے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور نبی کریم کا جشن ولادت بڑی مذہبی عقیدت واحترام اور جوش و جذبے سے منایا جائے گا صوبے بھر میں نکلنے والے جلوس، ریلیوں اور محافل میلاد کو پولیس اور پاک آرمی کی جانب سے فول پر (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے انکی رہائش گاہ پر قبائلی عمائدین اور علاقے کے لوگ ملاقات کر رہے ہیں

نوشکی بازار کو جانے والی داخلی اور خارجی راستے بند سیکیورٹی فورسز تعینات

کرفیو اور لاک ڈاؤن کا سماں، شہری اپنے گھروں میں محدود اور محصور ہوکر رہ گئے

نوشکی (آن لائن) نوشکی بازار کو جاتے والی داخلی اور خارجی راستے بند سیکیورٹی فورسز تعینات، علاقے میں کرفیو اور لاک ڈاؤن کا سماں، شہری اپنے گھروں میں محدود اور محصور ہوکر رہ گئے۔ جبکہ دوسری جانب سیکیورٹی فورسز مختلف جگہوں پر تعینات ہے۔ اطلاعات کے مطابق نوشکی شہر میں کرفیوں نافذ بازار سمیت شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر سیکیورٹی فورسز کے دستے تعینات، انٹرنیٹ سروس معطل ہونے سے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا غیر اعلانیہ کرفیوں کے باعث ملازمین دفاتر جبکہ اساتذہ اور طلبا سکول نہیں پہنچ سکے لوگ گھروں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

سالانہ لاکھوں روپے محکمہ کی بدعنوانی اور کرپشن کا ذریعہ بنا دیا جاتا ھے، پشتونخوا نیپ

سیلیازی سے کلی اپوزی تک زرعی مقاصد کیلئے استعمال واٹر چینل مٹی سے بھر چکا، فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

ژوب (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے ضلعی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سیلیازی سے کلی اپوزی تک زرعی مقاصد کے لیے استعمال ہونے والا واٹر چینل شہر کے وسط سے گزرتا ہے، اب یہ واٹر چینل محکمہ ایریگیشن کی غفلت اور کرپشن کی وجہ سے مجوہ ہوٹل سے لیکر تاج محل بکری تک مختلف مقامات پر مٹی سے بھر چکا ہے، جس کے باعث پانی سڑک پر بہنے لگا ہے۔ اس صورتحال کے نتیجے میں ایک جانب قیمتی پانی ضائع ہو رہا ہے، جبکہ دوسری جا (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام یوم آزادی کے موقع پر چار روزہ تقریبات کا آغاز

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام یوم آزادی کے موقع پر چار روزہ تقریبات کا آغاز، لاہور سمیت ملک بھر میں آل پارٹیز کانفرنسز کا انعقاد کیا گیا، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزادی کے بنیادی مقصد کی تکمیل کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

پنجگور میں سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر بازار اور شاہراہیں بند، ٹریفک معطل

کوئٹہ (آن لائن) ضلع پنجگور میں مبینہ سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر مختلف شاہراہوں، مرکزی بازار اور چھوٹے بڑے مارکیٹوں کی بندش کے باعث معمولات زندگی متاثر ہوئے ہیں، جبکہ ضلع بھر کی سڑکوں پر ٹریفک بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ تاحال کسی سرکاری یا غیر سرکار (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

محکمہ ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے اجلاس

فرائض میں غفلت برتنے والے افسران کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی نے کہا ہے کہ حکومت کے احکامات کی روشنی میں ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اس کے پھیلاؤ کا سبب بننے والے صنعتی و تجارتی یونٹس کے خلاف موثر کارروائی کی جائے گی اس حوالے سے فلور ملز، صنعتی زون، ہاؤسنگ اسکیموں، ڈیری فارمز، کرش پلانٹ، کمرشل مراکز، پلاسٹک و پولی تھین بیگز استعمال کرنے والے مراکز، اسکریپ گوداموں، پولٹری فارمز کا ڈیٹا ایک ہفتے میں مرتب کرنے کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

اے ڈی سی کوئٹہ (ریونیو) کی زیر صدارت اجلاس

مکمل پابندی عائد کرنے کے لیے بھی موثر اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) معزز عدالت کے حکم نامے کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیر صدارت ٹریفک پولیس، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ (MCQ) اور پولیس کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں زرغون روڈ اور انسکب روڈ پر تجاوزات کے مکمل خاتمے، ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ دونوں اہم شاہراہوں سے تمام تجاوزات کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا اور اس سلسلے میں متعلقہ ادارے مشترکہ آپریشن کریں گے۔ اس (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

کوئٹہ، عدالت عالیہ کے حکم پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کوئٹہ حافظ محمد طارق انسکب اور زرغون روڈ پر تجاوزات کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ترقیاتی کاموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، نثار احمد بگٹی

4 ڈسٹرکٹ میں ترقیاتی کاموں کیلئے ٹینڈرز شفاف طریقے سے کردیے گئے ہیں

مطلوبہ شرائط پر پورا اترنے والے ٹھیکیداروں کو ترقیاتی کاموں کے آرڈر جاری کئے

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساؤتھ (پروجیکٹ کوآرڈی نیٹر) نثار احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے 4 ڈسٹرکٹ میں ترقیاتی کاموں کیلئے ٹینڈرز شفاف طریقے سے کردیے گئے ہیں ٹینڈر حاصل کرنے والے ٹھیکیداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے کام کو معیار اور مقررہ وقت میں مکمل کریں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو ڈی جی لوکل گورنمنٹ کے دفتر (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

ڈپٹی کمشنر آفس ہرنائی میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب اور شاندار ریلی کا انعقاد کیا جائے گا، اعلامیہ

ہرنائی (خ ن) یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس ہرنائی میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب اور شاندار ریلی کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی کی جانب سے ضلع ہرنائی کے تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان کو باضابطہ مرا (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

وفاقی کابینہ نے نیشنل ہاؤسنگ پالیسی 2026 کی منظوری دے دی

منظوری وزارت کے لیے ایک اہم کامیابی اور تاریخی سنگ میل ہے، ریاض پیرزادہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی کابینہ نے اپنے گزشتہ اجلاس میں نیشنل ہاؤسنگ پالیسی 2026 کی منظوری دے دی، جو پاکستان کے ہاؤسنگ سیکٹر اور شہری ترقی کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ جبکہ وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات سید ریاض حسین پیرزادہ نے پالیسی کی تیاری پر ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ نیشنل ہاؤسنگ پالیسی 2026 کی منظوری وزارت کے لیے ایک اہم کامیابی اور تاریخی سنگ میل ہے، پاکستان تقریباً ایک چوتھائی صدی سے ایک تازہ اور جامع نیشنل ہاؤسنگ پالیسی سے محروم تھا۔ یہ پالیسی ملک میں مکانات کی کمی اور شہر (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

پاکستان بزنس فورم کے صدر ڈاکٹر مشتاق احمد منگٹ اور سینئر نائب صدر سید اکبر شاہ کی مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ اور دیگر سے وفد کے اراکین ملاقات کر رہے ہیں

نال پی ٹی سی ایل ایکسچینج کو جدید خطوط پر اپ گریڈ کرنے کا مطالبہ

نال (آن لائن) نال میں پی ٹی سی ایل ایکسچینج کا نظام پرانا ہونے کے باعث انٹرنیٹ صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کے مطابق انٹرنیٹ کی رفتار انتہائی سست ہے، جبکہ ایکسچینج کی موجودہ گنجائش پوری ہونے کے باعث نئے کنکشن بھی فراہم نہیں کیے جا (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس:2824878 موبائل نمبر:03337867133 ای میل:twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com